# باقیماندہ اوقاف کا عملی وقانونی تحفظ، کاغذات محفوظ رکھنے پر توجہ اور دیگر اقدام

**مولانا خالد سیف اللہ رحمانی**

مشہور شعر ہے، ممکن ہے آپ نے بھی سنا ہو یا پڑھا ہو:

بدلتی ہے جس وقت ظالم کی نیت
نہیں کام آتی دلیل اور حجت

اس وقت ہمارے ملک کی فرقہ پرست حکومت کی یہی صورت حال ہے، مسلمانوں کو تکلیف پہنچانا، ان کی شناخت پر حملہ کرنا، اور اُن کو دبا کر رکھنا، یہ اِس حکومت کی خصوصی پالیسی ہے۔ یہ صورت حال یوں تو ایک حد تک ۲۰۱۴ء سے پہلے بھی تھی؛ لیکن ۲۰۱۴ء سے اس کی رفتار بہت تیز ہوگئی، اور کیوں نہ ہو کہ ہندی کا محاورہ ہے ''سیاں بھئے کوتوال تو اَب ڈر کا ہے کا''۔ اسی جذبۂ منافرت کے تحت تین طلاق کا قانون لایا گیا، سی اے اے لایا گیا، بعض ریاستوں میں یونیفارم سول کوڈ لایا گیا، مرکز میں بھی اس کی کوشش کی گئی اور ابھی بھی اس کا خطرہ ٹلا نہیں ہے، مساجد ومدارس پر ہونے والے حملے بھی اسی کا حصہ ہیں اور اسی کی بدترین شکل قانونِ وقف ۲۰۲۵ء ہے۔




آپ کوئی بھی اجتماعی، تنظیمی، سیاسی و فلاحی، مذہبی یا تعلیمی کام کریں، اس کے لئے ایک مرکز کی ضرورت ہوتی ہے، اس مرکز کے لئے زمین اور عمارت مطلوب ہوگی، نماز ادا کرنے کے لئے مسجدیں، تعلیم کے لئے مدرسے اور اسکول، یتیم بچوں کی پرورش کے لئے یتیم خانے، مسافروں کے قیام کیلئے مسافر خانے، رفاہی خدمات کیلئے ایسی زمینیں جن سے کرائے اور زرعی پیداوار حاصل کی جائے، اسی طرح موت کے بعد اسلامی طریقہ پر تدفین کیلئے قبرستان اور درگاہیں، غور کیا جائے تو یہ سب ملت کے لئے شہ رگ ہیں، ان ہی سے ہماری دینی شناخت، ایمان کا تحفظ، دعوت واصلاح اور رضاکارانہ طور پر شریعت کی تنفیذ متعلق ہے۔ آر ایس ایس میں چونکہ ہندو شدت پسند اسکالرس کی بڑی تعداد ہے؛ اسی لئے ان لوگوں نے بہت سوچ سمجھ کر نہایت شاطرانہ طریقے سے یہ قانون بنایا ہے اور صرف بنایا نہیں، پارلیمنٹ میں اپنی سیاسی طاقت کی بناء پر اسے منظور بھی کروالیا ہے۔

سوال یہ ہے کہ اس قانون کے پاس ہو جانے کے بعد اب ملک کے مسلمانوں کو کیا کرنا چاہئے؟ اسی سلسلہ میں چند نکات پیش کئے جاتے ہیں:

(۱) آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ تمام ملی تنظیموں اور مختلف مسالک کی نمائندہ شخصیتوں کے ساتھ مل کر اس قانون کو ختم کرانے کی جدوجہد کر رہا ہے، پہلے تو اس نے اس قانون کو روکنے کی کوشش کرتے ہوئے جوائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی (جے پی سی) کو کروڑوں کی تعداد میں ای میل بھجوائے، جے پی سی کی میٹنگوں میں ہر جگہ سے باشعور مسلمانوں کی نمائندگی کروائی، اپوزیشن لیڈروں اور پارٹیوں نے عوامی اسٹیج پر اور پارلیمنٹ میں کھل کر اس کے خلاف آواز بلند کی، انسانی حقوق کی تنظیموں کے نمائندوں کو ساتھ لیا، دیگر اقلیتوں سے گفتگو کی، ان کو حکومت کے خطرناک عزائم سے آگاہ کیا اور ان کی حمایت حاصل کی، غیر مسلم نمایاں سیاسی وسماجی شخصیتوں کے ساتھ میٹنگیں کیں، پریس کانفرنسیں کیں، بورڈ نے براہ راست اپنے زیر انتظام یا بورڈ میں شامل دیگر تنظیموں کے زیر انتظام دہلی، ممبئی، بنگلور، پٹنہ، وجے واڑہ، کلکتہ، رانچی اور مختلف شہروں میں بڑے اجتماعات کئے، جس میں تمام مسلم تنظیموں کے نمائندوں کے ساتھ ساتھ سیاسی لیڈروں کو بھی دعوت دی اور مسلم مسائل کو نظر انداز کرنے والا بکا ہوا میڈیا بھی مثبت یا منفی انداز میں اس موضوع کو سامنے لانے پر مجبور ہوا، جمعہ کے بیانات کے ذریعہ مسلمانوں کے گھر گھر یہ پیغام پہنچایا؛ چوں کہ حکومت فریب دے رہی ہے اور کہہ رہی ہے کہ یہ بل مسلم خواتین کے فائدہ کے لئے لارہی ہے؛ اس لئے خواتین نے بھی پوری قوت کے ساتھ اس احتجاج میں حصہ لیا، دہلی، پٹنہ اور وجے واڑہ میں کافی طاقتور طریقہ پر دھرنے دیئے گئے، ان کوششوں کی وجہ سے پورے ملک میں یہ مسئلہ مسلمانوں اور انصاف پسند شہریوں کی سوچ کا اہم ترین موضوع بن گیا۔

بحمد للہ بورڈ پوری قوت کے ساتھ ایک مہم کے طور پر اس کام کو انجام دے رہا ہے اور حکومت سے مطالبہ کر رہا ہے کہ وہ اس قانون کو ہرصورت میں واپس لے، اس کے لئے بورڈ نے سپریم کورٹ کا دروازہ بھی کھٹکھٹایا ہے، احتجاج کا ایک تفصیلی پروگرام بنایا ہے، اور تمام مسلمانوں سے اس میں شرکت کی اپیل کی ہے، ان شاء اللہ عنقریب پورے ملک میں بڑے بڑے احتجاجی جلسے ہوں گے، مقامی حالات کو دیکھتے ہوئے دھرنے دیئے جائیں گے، پرنٹ، الیکٹرانک اور سوشل میڈیا کے ذریعہ مسئلہ کی اہمیت کو اُجاگر کیا جائے گا، خواتین کے بھی بڑے احتجاجی پروگرام رکھے جائیں گے، غیر مسلم دانشوروں اور قائدین کے ساتھ میٹنگیں رکھی جائیں گی، ملک کے بڑے شہروں میں پریس کانفرنسیں کی جائیں گی، غرض کہ جمہوری طریقہ پر اس قانون کو مسترد کرنے کے جتنے پُرامن طریقے ہو سکتے ہیں، ان سب کو اختیار کیا جائے گا۔

مسلمانوں کا اولین فرض ہے کہ وہ بورڈ کی آواز کو متفقہ آواز بنائیں، اس پر لبیک کہیں، بورڈ کی ہدایات پر عمل کریں، جہاں آگے بڑھنے کو کہا جائے، وہاں آگے بڑھیں اور جہاں رُکنے کو کہا جائے، وہاں رُک جائیں تاکہ پوری قوت کے ساتھ یہ پُرامن احتجاج جاری رہے۔

مسلمان اس بات پر متوجہ رہیں کہ بہت سے لوگ اُن کو بھٹکانے کی پوری کوشش کرینگے، حکومت کا آلہ کار بن کر تفرقہ ڈالنے کی سعی کرینگے، مذہبی تنظیموں اور قیادتوں کو بے وزن کرنے کی کوشش کرینگے، ان کے خلاف بدگمانی پھیلائیں گے اور یہ سب کچھ ملک وملت کیلئے غیرت کے نام پر کیا جائیگا تو ایسے فتنہ پردازوں سے خوب بچنے کی کوشش کرنی چاہئے۔

(۲) جو بچے کھچے اوقاف ہیں، ان کی حفاظت کی بھرپور کوشش ہونی چاہئے، اسی کوشش کا ایک حصہ یہ ہے کہ جو موقوفہ اراضی کھلی ہوئی حالت میں ہوں، جلد از جلد ان کی احاطہ بندی کی جائے؛ تاکہ حریصانہ نظر رکھنے والے ان زمینوں پر ہاتھ ڈالنے کی ہمت نہ کریں، خاص کر مسلم سماج میں کھلے قبرستان اور عیدگاہیں، بہت سی جگہ احاطہ کے بغیر مساجد سے باہر کھلے ہوئے صحن، بعض جگہ مدارس اور مساجد کے مصالح کے لئے باغات اور زرعی زمینیں وقف کی گئی ہیں، ان کی بھی عام طور پر احاطہ بندی نہیں کی گئی ہے، بعض جگہ مسجدیں ویران ہیں، خاص کر ایسی مسجدیں جو قدیم زمانہ میں بادشاہوں اور نوابوں نے تعمیر کی تھیں اور اب ان کے گرد وپیش کی مسلم آبادی ختم ہو چکی ہے، ان سب کی احاطہ بندی ضروری ہے۔ جو جگہیں ویران پڑی ہوئی ہیں، علماء اور اربابِ افتاء کے مشورہ سے دینی وملی ضرورتوں کیلئے ان کے استعمال کی تدابیر پر غور کرنا اور ان تدابیر کو عمل میں لانا چاہئے؛ کیونکہ جو جگہ استعمال میں رہتی ہے، اس کی حفاظت آسان ہوتی ہے اور جو جگہ استعمال میں نہیں رہتی وہ ویران ہو جاتی ہے اور اس کا تحفظ مشکل ہو جاتا ہے، یہ حفاظتی انتظام بھی بہت اجر کا کام ہے؛ کیونکہ یہ ملت کے مفادات اور دین کے شعائر کا تحفظ ہے؛ اس لئے اس پر اولین توجہ کی ضرورت ہے۔

(۳) جو زمین کسی شخص یا سماج کی ملکیت کے طور پر رجسٹرڈ نہ ہو، حکومت اس کو اپنے قبضہ میں لے لیتی ہے اور پھر من چاہا استعمال کرتی ہے؛ اس لئے ضرورت ہے کہ پہلے کے اوقاف کو بھی اور اب جو اوقاف قائم کئے جائیں، ان کا بھی جلد سے جلد رجسٹریشن کرا لیا جائے؛ تاکہ دستاویزی طور پر ملکیت کا ثبوت فراہم ہو جائے۔ اس کے لئے قانون دانوں سے مشورہ کیا جائے، پیسے خرچ کرنے کی ضرورت ہو تو اجتماعی کوششوں کے ذریعہ سے اس کا انتظام کیا جائے اور ہر قیمت پر اس کام کو کرنے کی کوشش کی جائے؛ ورنہ مستقبل میں ہم بہت سی اوقافی جائیدادوں سے خدانخواستہ محروم ہو جائینگے۔

(۴) اول تو وقف بورڈ میں پہلے سے بعض خدا ناترس لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، ان کی ناجائز حرکات اور عاقبت نااندیشی کے واقعات شب وروز سامنے آتے رہتے ہیں، وہ رشوت لے کر اور حکومت کے دباؤ کے آگے جھک کر قصداً وقف کے مقدمات ہارتے ہیں اور چند روپوں کے لئے ملت کی قیمتی اَملاک غاصبین کے حوالہ کر دیتے ہیں، ۔ حد تو یہ ہے کہ فریق مخالف کے اشارہ پر کاغذات غائب کر دیتے ہیں تاکہ ثبوت پیش ہی نہ ہو سکے اور مخالفین کا قبضہ ہو جائے۔

لیکن اب یہ جو وقف قانون آیا ہے، یہ قانون کے دائرہ میں ایسی بدعنوانیوں کے ارتکاب کا راستہ فراہم کرتا ہے؛ اس لئے ضرورت محسوس ہوتی ہے کہ مدرسوں، مسجدوں، فلاحی اور رفاہی اداروں، یتیم خانوں اور قبرستان کی کمیٹیوں کا ٹرسٹ بنا دیا جائے، بظاہر ٹرسٹ کی شکل میں زیادہ حفاظت ہو سکتی ہے، اور ٹرسٹ کے قانون میں کافی گنجائش ہے کہ مصلحت کے اعتبار سے اختیارات اور ذمہ داریاں تقسیم کی جائیں، مصارف متعین کئے جائیں اور چونکہ اس میں عوامی کمیٹی ہوگی، سالانہ آڈٹ پیش کیا جائے گا؛ اس لئے خرد برد کا اندیشہ بھی کم محسوس ہوگا۔ بہر حال اس سلسلہ میں قانون دانوں سے مشورہ کرنا چاہئے اور جو مفید تر صورت ہو سکتی ہے، اس پر عمل کرنا چاہئے۔ سوسائٹی ایکٹ کے تحت رجسٹریشن میں مداخلت کے مواقع زیادہ ہوتے ہیں، اور وقف کے موجودہ قانون نے وقف کی حفاظت میں خطرہ پیدا کر دیا ہے۔ بہر حال یہ قانونی مسئلہ ہے اور قانون دانوں کے مشوروں اور مقامی حالات کے اعتبار سے کوئی راستہ اختیار کرنا چاہئے۔

(۵) اللہ تعالیٰ کا نظام یہ ہے کہ جب کوئی گروہ اللہ کے حکم کو توڑتا ہے اور اس کی نعمت کی ناقدری کرتا ہے تب اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کی پکڑ ہوتی ہے اور وہ نعمت چھین لی جاتی ہے۔ اوقاف کا مسئلہ بھی ایسا ہی ہے، حکومت نے جس قدر اوقاف پر قبضہ کیا ہے، شاید مسلمانوں کے ناجائز طریقہ پر قبضہ کئے ہوئے اوقاف اس سے کم نہ ہوں۔ بعض لوگوں نے تو اوقاف پر مکمل قبضہ کر لیا ہے اور اپنی ملکیت کی طرح اس میں تصرف کرتے ہیں، اور بعض جگہ اوقاف کی زمین کرایہ پر لی ہے، جس کا کرایہ، مثال کے طور پر، پچاس ہزار ہونا چاہئے، اس کا کرایہ سوڈیڑھ سو روپے ادا کرتے ہیں۔

ستم بالائے ستم یہ ہے کہ کم کرایہ پر لے کر زیادہ کرایہ پر لگا دیتے ہیں، خود بیس پچیس ہزار کرایہ وصول کرتے ہیں اور وقف بورڈ کو سو دوسو روپے ادا کرتے ہیں۔ اسی غصب، ناجائز قبضہ اور حرام خوری کی وجہ سے شاید اللہ تعالیٰ ہمیں اِس نعمت سے محروم کر رہے ہیں، حد تو یہ ہے کہ درگاہوں کی زمینیں وہ سجادے فروخت کر دیتے ہیں، جن کی دینی نسبت کی وجہ سے لوگ ان کے ہاتھ پاؤں چومتے ہیں۔

شاید اوقافی اَملاک کے ساتھ روا رکھا جانے والا یہی جرم ہے، جس کی سزا موجودہ قانون کے ذریعہ ہمیں مل رہی ہے، اور اس کا سہارا لے کر حکومت وقف قانون لائی ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ جو مسلمان وقف کی چوری کے گناہ میں مبتلا ہیں، وہ خود اس سے توبہ کریں، ناجائز پیسوں سے اپنے آپ کو بھی بچائیں اور اپنی اولاد کو بھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو کسی کی ایک بالشت زمین پر ناجائز قبضہ کرے گا تو قیامت کے دن اسے سطح زمین سے لے کر تحت الثریٰ تک زمین کا ٹکڑا بنا کر گلے میں ڈال دیا جائے گا۔ (صحیح البخاری، حدیث نمبر: ۳۱۹۸) پھر ایسی زمین جو اجتماعی ملکیت ہو اور جس سے سیکڑوں اور ہزاروں لوگوں کے حقوق متعلق ہوں، کوئی اس کے گناہ کا اندازہ کر سکتا ہے؟

اس لئے اول تو ایسے لوگوں کو خود وقف کی غصب کی ہوئی زمینیں چھوڑ دینی چاہئیں اور اللہ پر بھروسہ رکھنا چاہئے، اگر انہوں نے وہ زمین چھوڑ دی تو اللہ تعالیٰ اس سے بہتر زمین اور اس سے زیادہ دولت سے نوازے گا۔ اس سلسلہ میں مسلم سماج کی بھی بڑی ذمہ داری ہے کہ جیسے آپ اپنی زمین کی حفاظت کرتے ہیں، اگر کوئی لینڈ مافیا قبضہ کے لئے آپہنچتا ہے تو اس سے اپنی طاقت بھر لڑائی لڑتے ہیں، اور قبضہ ہونے سے بچا لیتے ہیں، اسی طرح ملت کی جائیداد کے لئے آگے بڑھ کر ظالم کے ہاتھ پکڑ لیں اور اُن کو اس سے روک دیں اور ایسے لوگوں کو احساس دلائیں کہ ان کا ظلم کتنا بڑا ہے اور سماج اسے کتنی حقارت کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ اجتماعی کوششوں کی ذریعہ ہی اس کا سد باب ہو سکتا ہے، اگر ہم خود اپنے اوقاف کے معاملہ میں دیانت سے کام نہ لیں گے تو کیسے اللہ تعالیٰ کی رحمت ہماری طرف متوجہ ہو سکتی ہے؟

(۶) وقف کی حفاظت کے لئے ایک اہم ضرورت بیدار مغزی اور متحدہ کوشش ہے، کسی بھی وقف پر ناجائز قبضہ ہو، چاہے حکومت کی طرف سے ہو، یا کسی اور کی طرف سے، عوام کا فریضہ ہے کہ وہ اتحاد کے ساتھ مل جل کر ان حالات میں کھڑے ہو جائیں، عوامی دباؤ بنائیں اور جہاں قانونی پیروی کی ضرورت ہو، وہاں مل جل کر عدالتی چارہ جوئی کی جائے اور نیچے سے اوپر تک امکان بھر کوشش کی جائے۔

بہر حال یہ بہت نازک وقت ہے، حُسن تدبیر بھی ضروری ہے اور گہری فکر بھی ضروری ہے، جرأت وہمت کا مظاہرہ بھی ہونا چاہئے اور اعتدال وتوازن کا دامن بھی ہاتھ سے نہیں چھوٹنا چاہئے، اللہ تعالیٰ ان مشکل حالات میں مسلمانوں کی مدد فرمائے اور ہوش مندی کے ساتھ اس میں آگے بڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔

# دیدۂ بینا والوں کیلئے قوموں کی تباہی میں بھی بڑی عبرت ہے!

**فریال احمد**

اللہ تعالیٰ نے انسان کو دھڑکنے والا دل، سوچنے والا دماغ، سننے والے کان اور دیکھنے والی آنکھیں دی ہیں اور ساتھ ہی یہ بھی ارشاد فرما دیا:

''پس اے دیدۂ بینا والو! (اس سے) عبرت حاصل کرو۔'' (الحشر: ۲)

قارئین محترم! قرآن مجید تمام انسانوں کو بالعموم اور تمام مسلمانوں کو بالخصوص دعوت فکر دیتا ہے کہ وہ اپنے ماضی کو سامنے رکھ کر آئندہ کا لائحہ عمل تیار کریں۔ دنیا میں جو کچھ ہو رہا ہے اللہ کی طاقت اور



> دراصل فرعون کسی شخص کا ذاتی نام نہیں تھا بلکہ قدیم شاہان مصر کا لقب تھا۔ آج بھی صدر، و وزیراعظم، شاہ اور چانسلر جیسے الفاظ ملک کے اعلیٰ ترین منصب پر فائز افراد کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ اس منصب میں کچھ ایسی تاثیر ضرور ہے کہ اس پر متمکن ہونے کے بعد دماغ گھومنے لگتا ہے۔ اقتدار کے ایوانوں میں پہنچتے ہی حکمراں بھکی بھکی باتیں اور خدائی دعوے کرنے لگتا ہے۔

قدرت سے ہی ہو رہا ہے۔

گزری ہوئی قومیں اپنے برے اعمال، اپنی نافرمانی اور سرکشی کی وجہ سے اللہ کے حکم سے ہی مٹی ہیں اور انہیں ایک دن دوبارہ زندہ ہو کر اپنے اعمال کی جزا وسزا کے لئے بھی کھڑا ہونا ہے۔ دنیا میں جن قوموں اور جن لوگوں نے اللہ جل شانہ کی نافرمانی کی ان کا انجام یقیناً اچھا نہیں ہوا۔ کوئی فرعون کوئی ہامان، کوئی قارون، کوئی شداد اور کوئی ابوجہل بچا اور نہ ہی ان کے نقش قدم پر چلنے والے اللہ جل شانہ کے فیصلوں سے بچ سکے۔

حضرت نوحؑ کی قوم کا عبرتناک انجام

حضرت نوح علیہ السلام کو حق تعالیٰ نے تقریباً ایک ہزار سال کی عمر دراز عطا کی اس طویل مدت عمر میں ہمیشہ اپنی قوم کو دین حق اور کلمہ توحید کی دعوت دیتے رہے۔ انہیں قوم کی طرف سے سخت ایذاؤں کا سامنا کرنا پڑا۔ ان کی قوم ان پر پتھراؤ کرتی یہاں تک کہ آپ بے ہوش ہو جاتے پھر جب ہوش آتا تو ان کے لئے دعا کرتے کہ یا اللہ میری قوم کو معاف کر دے۔ جب اس عمل پر طویل صدیاں گزر گئیں تو ان طویل مصائب کے بعد اس مرد خدا کی زبان پر یہ الفاظ آ گئے:

''نوح (علیہ لسلام) نے عرض کیا: اے میرے رب! میری مدد فرما کیونکہ انہوں نے تجھے جھٹلا دیا ہے۔'' (المومنون: ۳۹)

دوسرے مقام پر حضرت نوحؑ نے عرض کیا تھا: ''اے میرے رب! زمین پر کافروں میں سے کوئی بسنے والا باقی نہ چھوڑ۔'' (نوح: ۲۶)

یہ دعا قبول ہوئی اور پوری قوم طوفان نوح میں غرق کر دی گئی۔ نوح علیہ السلام کے بیٹے کا انجام بھی برا ہوا۔ باپ نے بیٹے کو نصیحت کی مگر اس بدبخت نے کہا کہ میں پہاڑ پر چڑھ کر جان بچا لوں گا اور پھر وہ بھی ڈوبنے والوں میں ہو گیا۔

خدائی کے دعویدار نمرود مردود کا انجام

نمرود نے کہا کہ میں خدا ہوں یعنی میں تمہارے لئے اپنے سوا کسی کو معبود نہیں جانتا۔ متکبر بادشاہ تھا، سرکشی بغاوت اور کفر شدید نخوت وغرور سے بھرا ہوا تھا۔ اسی چیز نے اسے خدائی کے دعویٰ پر آمادہ کیا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ اس نے چار سو سال تک حکومت اور بادشاہت کی تھی۔

اللہ تعالیٰ نے اس جابر بادشاہ کے پاس ایک فرشتہ بھیجا جس نے اس کو اللہ پر ایمان لانے کی دعوت دی لیکن اس نے انکار کیا۔ دوبارہ دعوت دی پھر انکار کیا۔ سہ بار دعوت دی پھر انکار کیا۔ پھر فرشتے نے کہا تو بھی اپنا لشکر جمع کر میں بھی کرتا ہوں چنانچہ نمرود نے طلوع آفتاب کے وقت اپنا تمام لشکر جمع کیا، ادھر اللہ تعالیٰ نے ان پر مچھروں کا دروازہ کھول دیا۔ اس کثرت سے مچھر آئے کہ ان لوگوں کو سورج نظر بھی نہ آتا تھا۔ ان مچھروں نے نہ صرف ان کے خون بلکہ ان کے گوشت پوست تک کو کھا لیا اور ان کو ہڈیوں کا ڈھانچہ بنا کر جنگل میں پھینک دیا۔ انہی مچھروں میں سے ایک مچھر نمرود بادشاہ کے نتھنوں میں گھس گیا اور آخر دم تک اس کے نتھنے میں رہا حتیٰ کہ اللہ نے اس مچھر کے ذریعے اس کو ہلاک کر دیا۔

خدائی کے دعویدار فرعون کا عبرتناک انجام

دراصل فرعون کسی شخص کا ذاتی نام نہیں تھا بلکہ قدیم شاہان مصر کا لقب تھا۔ آج بھی صدر، و وزیراعظم، شاہ اور چانسلر جیسے الفاظ ملک کے اعلیٰ ترین منصب پر فائز افراد کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ اس منصب میں کچھ ایسی تاثیر ضرور ہے کہ اس پر متمکن ہونے کے بعد دماغ گھومنے لگتا ہے۔ اقتدار کے ایوانوں میں پہنچتے ہی حکمراں بہکی بہکی باتیں اور خدائی دعوے کرنے لگتا ہے۔

جب زمین پر اکڑ کر چلنے والے فرعون اور نمرود اپنی تدبیروں کو عملی جامہ پہنا رہے ہوتے ہیں تو ارض وسما کا خالق بھی تدبیر کر رہا ہوتا ہے اور بالآخر اسی کی تدبیر غالب آ کر رہتی ہے۔ باقی سب تدبیریں مکڑی کا جالا ثابت ہوتی ہیں۔ پھر ایسا بھی ہوتا ہے کہ فرعون خود اپنے گھر میں موسیٰ کی پرورش کرتا ہے اور اس کی جوانی دیکھ دیکھ کر خوش ہوتا ہے۔ وہ نہیں جانتا کہ یہ جوانی اس پر آسمانی بجلی بن کر گرنے والی ہے۔ یہ معجزہ کل بھی رونما ہوا تھا اور آج بھی رونما ہو سکتا ہے۔ اس کی رونمائی میں انسانی عقل کے اعتبار سے تاخیر ہو سکتی ہے مگر کائنات کا نظام چلانے والے کے ہاں یہ تاخیر نہیں ہوتی۔ مصر کے ستم زدوں کو برسہا برس فرعون کی ہلاکت کا انتظار کرنا پڑا اور جب خدائی کا وہ دعویدار بحکم خدا دریا کی بپھری ہوئی موجوں میں غرق ہو گیا تو آسمان سے اعلان کیا گیا:

''(اے فرعون!) سو آج ہم تیرے (بے جان) جسم کو بچا لیں گے تاکہ تو اپنے بعد والوں کیلئے (عبرت کا) نشان ہو سکے۔'' (یونس: ۹۲)

فرعون کی نعش آج بھی قاہرہ کے عجائب گھر میں موجود ہے اور بصارت اور بصیرت رکھنے والے انہیں دیکھ کر عبرت حاصل کرتے ہیں۔

ہاتھی والے لشکر کا عبرتناک انجام

قرآن مجید کی سورہ الفیل میں ایک اہم واقعہ ارشاد فرمایا گیا ہے جو یقیناً باعث عبرت ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہو رہا ہے:

''کیا تو نے نہیں دیکھا کہ تیرے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیسا سلوک کیا۔'' (الفیل: ۱)

اس سورہ میں اصحاب فیل کے واقعہ کا مختصر بیان ہے کہ انہوں نے بیت اللہ کو مسمار کرنے کے قصد سے ہاتھیوں کی فوج لے کر مکہ مکرمہ پر چڑھائی کی تھی۔ حق تعالیٰ نے معمولی پرندوں کے ذریعے ان پر آسمانی عذاب نازل فرما کر نیست ونابود کر کے ان کے عزائم کو خاک میں ملا دیا۔

قوم لوط کا انجام

قرآن مجید فرقان حمید میں ارشاد فرمایا گیا:

''اور تم زنا (بدکاری) کے قریب بھی مت جانا بے شک یہ بے حیائی کا کام ہے، اور بہت ہی بری راہ ہے۔'' (بنی اسرائیل: ۳۲)

قوم لوط بے حیائی کے کاموں میں ملوث تھی۔ اس پر اللہ کا عذاب آیا۔ حضرت مجاہدؒ فرماتے ہیں کہ حضرت جبرائیلؑ نے ان سب کو جمع کر کے ان کے مکانات اور مویشیوں سمیت اونچا اٹھا لیا یہاں تک کہ ان کے کتوں کے بھونکنے کی آوازیں آسمان کے فرشتوں نے سن لیں پھر انہیں زمین پر الٹ دیا۔ ایک کو دوسرے کے ساتھ ٹکرا دیا اور سب ایک ساتھ غارت ہو گئے۔ جو باقی رہ گئے تھے ان کے دماغ آسمانی پتھروں نے پھوڑ دیئے اور ان کی بستیاں بے نام ونشان کر دی گئیں۔

**فَاعْتَبِرُوا يَا أُولِي الْأَبْصَارِ**

# آپ ﷺ کا اسوہ، کامل ضابطۂ حیات ہے مگر کتنے لوگ اسے عملاً قبول کرتے ہیں؟



**مولانا محمد سرفراز خان صفدر**

دنیا میں جتنے بھی رسول اور نبی تشریف لائے ہیں ہم ان سب کو سچا مانتے ہیں اور ان پر سچے دل سے ایمان لاتے ہیں اور ایسا کرنا ہمارے فریضہ اور عقیدہ میں داخل ہے ''لا نفرق بین احد من رسلہ'' مگر اس ایمانی اشتراک کے باوجود بھی ان میں سے ہر ایک میں کچھ ایسی نمایاں خصوصیات اور کچھ جداگانہ کمالات وفضائل ہیں جن کو تسلیم کئے بغیر ہرگز کوئی چارۂ کار نہیں ہے۔ مثلاً، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے جتنے انبیاء ورسل علیہم السلام تشریف لائے ہیں تو ان سب کی دعوت کسی خاص خاندان اور کسی خاص قوم سے مخصوص رہی۔ حضرت نوح علیہ السلام تشریف لائے تو اپنی دعوت کو صرف اپنی ہی قوم تک محدود رکھا۔ حضرت ہود علیہ السلام جلوہ افروز ہوئے تو فقط عاد کو خطاب کیا۔ حضرت صالح علیہ السلام مبعوث ہوئے تو محض قوم ثمود کی فکر لے کر آئے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنی قوم کے پیغمبر تھے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کو نجات دلانے کے لئے بھیجے گئے تھے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مقصد بعثت بھی مذہبی و دنیوی دونوں پہلوؤں کو محیط تھا۔

یہی وجہ تھی کہ ان پیغمبروں میں سے کسی ایک نے بھی اپنی قوم سے باہر نظر نہیں ڈالی لیکن جب فاران کی چوٹیوں سے رحمتِ خداوندی کی وہ عالمگیر گھٹا جو اٹھی تھی اس سے انسانیت وشرافت، دیانت وامانت، عدل و انصاف اور تقویٰ و ورع کی مرجھائی ہوئی کھیتیاں پھر سے سرسبز وشاداب ہو کر لہلہا اٹھیں، وہ قوم وجماعت، ملک وزمین، مشرق و مغرب، شمال وجنوب اور بر و بحر کی تمام قیدوں اور پابندیوں سے بالکل آزاد تھی۔ وہ بلا امتیاز وطن وملت، بلا تفریق نسل وخاندان، بلا تمیز رنگ وخون، بغیر لحاظ سیاہ وسپید اور بے اعتبار حسب ونسب تا قیامت پوری نسل انسانی کیلئے رحمتِ مہداۃ (ہدیۂ رحمت) بن کر نمودار ہوئی اور رب ذوالاحسان نے خود آپ ہی کی زبان فیض رساں سے یہ اعلان کروا دیا کہ:

''آپ فرما دیں: اے لوگو! میں تم سب کی طرف اس اللہ کا رسول بنا کر بھیجا گیا ہوں۔'' (الاعراف: ۱۵۸)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت و رسالت صرف نسلِ انسانی ہی کے لئے نہیں بلکہ جنّات بھی اس امر کے مکلّف اور پابند ہیں کہ آپؐ کی نبوت ورسالت کا اقرار کر کے آپؐ کی شریعت پر عمل پیرا ہو کر اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور نجاتِ اخروی تلاش کریں۔ قرآن کریم میں واضح طور پر بیان کیا گیا ہے کہ ''آپؐ کو تمام جہانوں کے لئے نذیر (ڈر سنانے والا) بنا کر بھیجا گیا ہے۔'' (الفرقان: ۱)

جو مکارمِ اخلاق آپؐ کو خالق کونین کی طرف سے مرحمت ہوئے تھے اور جن کی تکمیل کے لئے آپؐ کو اس دنیا میں بھیجا گیا تھا وہ مکلّف مخلوق کی فطرت کے جملہ مقتضیات کے عین مطابق تھے اور جن کا مقصد صرف یہی نہیں تھا کہ ان کے ذریعے روحانی مریضوں کو ان کے بستروں سے اٹھا دیا جائے بلکہ یہ بھی تھا کہ اٹھنے والوں کو چلایا جائے اور چلنے والوں کو بسرعت دوڑایا جائے اور دوڑنے والوں کو روحانی کمال اور اخلاقی معراج کی غایۃ قصویٰ تک اور سعادتِ دنیوی ہی نہیں بلکہ سعادتِ دارین کی سدرۃ المنتہیٰ تک پہنچایا جائے۔ ان کی نعمت فقط مریضوں کے لئے قوت بخش اور صحت افزاء نہ ہو بلکہ وہ تمام مکلف مخلوق کی اصل فطری اور روحانی لذیذ غذا بھی ہو۔ آپؐ کے مکارمِ اخلاق اور اسوۂ حسنہ نے وہ تمام ممکن اسباب مہیا کر دیئے ہیں کہ خلقِ عظیم کی بلند اور دشوار گزار گھاٹی پر چڑھنا آسان اور سہل ہو گیا ہے۔ آپؐ کی بعثت کے اغراض ومقاصد میں سے ایک اہم مقصد یہ بھی تھا جیسا کہ آپؐ نے ارشاد فرمایا ہے کہ ''مجھے اس لئے مبعوث کیا گیا ہے تاکہ میں نیک خصلتوں اور مکارمِ اخلاق کی تکمیل کروں۔'' (قال الشیخ حدیث صحیح۔ السراج المنیر)

یہ ناقابلِ تردید حقیقت ہے کہ جس طرح دیگر انبیاء کرام علیہم السلام خاص خاص جماعتوں اور مخصوص قوموں کے لئے مصلح اور پیغمبر تھے اسی طرح ان کی روحانیت اور اخلاقی آئینے بھی خصوصی صفات اور اصناف کے مظہر تھے۔ مثلاً، حضرت نوح علیہ السلام مجرم اور نافرمان قوم کی نجات کے لئے، باوجود قوم کی ایذارسانی کے سعی بلیغ کی زندہ یادگار تھے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام اخلاص و قربانی کی مجسم مثال تھے کہ انہوں نے اپنے اکلوتے اور عزیز ترین لختِ جگر کو خدا تعالیٰ کی خوشنودی اور رضاجوئی کے لئے اپنی طرف سے ذبح کر ہی ڈالا اور اس حکم کی تعمیل میں کسی قسم کی کوتاہی اور کمزوری نہ دکھائی، جس کی ایک ادنیٰ اور معمولی سی برائے نام نقل آج بھی ہر صاحبِ استطاعت مسلمان اتارتا اور ''قربانی'' کی شکل میں سنتِ براہیمی کی پیروی کرتا ہوا نظر آتا ہے۔ حضرت ایوب علیہ السلام صبر ورضا کے پیکر تھے، مصائب وآلام کے بے پناہ سیلاب بہہ گئے مگر وہ مضبوط پہاڑ کی طرح اپنی جگہ ثابت رہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی جرأت حق کا ایک اعلیٰ نمونہ تھی کہ فرعون جیسے جابر اور مطلق العنان بادشاہ کے دربار میں ساون کے بادلوں کی طرح گرج اور صاعقۂ آسمانی کی طرح کڑک کر تہلکہ ڈال دیتے تھے۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کی صبر آزما حیات یادگارِ دہر تھی کہ اپنے ہی بیٹوں کے ہاتھ سے پیارے یوسفؑ کے سلسلہ میں اذیت اور دکھ اٹھا کر ''فصبر جمیل'' فرما کر خاموش ہو گئے اور اندر ہی اندر آنسوؤں کے طوفان موجیں مارتے ہوئے ساحل امید سے ٹکراتے رہے اور ناامیدی کو قریب نہیں آنے دیا۔ حضرت یوسف علیہ السلام کی عفتِ مآب زندگی پاکدامن نوجوان کے لئے باعث صد افتخار ہے کہ انہوں نے ''امراۃ عزیز'' کی تمام مکّاریوں اور حیلہ جوئیوں کی استخواں شکن زنجیروں کی ایک ایک کڑی کو معاذ اللہ فرماتے ہوئے پاش پاش کر دیا۔ حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علیہما السلام کی شاہانہ زندگی ان سب سے نرالی تھی کہ قبائے سلطنت اور عبائے خلافت اوڑھ کر مخلوقِ خدا کے سامنے ظہور پزیر ہوئے اور اس طریقہ سے عدل وانصاف کے مطابق ان کی خدمت کا عمدہ فریضہ انجام دیا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام توکل وقناعت، زہد وخود فراموشی کی ایک پوری کائنات تھے کہ زندگی بھر سر چھپانے کے لئے ایک جھونپڑی بھی نہیں بنائی اور فرمایا ''اے لوگو! یہ کیوں سوچتے ہو کہ کیا کھاؤ گے؟ فضا کی چڑیوں کے لئے کاشتکاری کون کرتا ہے؟ اور ان کے منہ میں خوراک کون ڈالتا ہے؟ اے لوگو! تمہیں اس کی کیا فکر ہے اور تم یہ کیوں سوچتے ہو کہ کیا پہنو گے؟ جنگل کی سوسن کو اتنی دیدہ زیب پوشاک اور خوبصورت لباس کون پہناتا ہے؟''

یہ تمام بزرگ اور مقدس ہستیاں اپنے اپنے وقت پر تشریف لائیں اور بغیر حضرت مسیح علیہ السلام سب دنیا سے رخصت ہو گئیں۔ لیکن جب قصرِ نبوت اور ایوانِ رسالت کی آخری اینٹ کا ظہور ہوا جس کے انتظار میں دہر کہن سال نے ہزاروں برس صرف کر دیئے تھے، آسمان کے ستارے اسی دن کے شوق میں ازل سے چشم براہ تھے، ان کے استقبال کیلئے لیل ونہار بے شمار کروٹیں بدلتے رہے، ان کی آمد سے محض کسریٰ کے محل کے چودہ کنگرے ہی نہیں بلکہ رسم عرب، شانِ عجم، شوکت روم، فلسفہ یونان اور اوجِ چین کے قصرہائے فلک بوس گر کر آن واحد میں پیوند زمین ہو گئے تو پورے کرۂ ارض کیلئے ایک عالم گیر سعادت اور ایک ہمہ گیر رحمت لے کر آئی۔ آپؐ کا وجود مقدس روحانیت کے تمام اصناف کی ایک خوشنما کائنات، اخلاق حسنہ کی ایک دلآویز جاذبیت اور رنگ برنگ گل ہائے اخلاق کا ایک پورا چمنستان تھا۔ امتِ مرحومہ کیلئے حضرت نوحؑ کی دلسوزی، حضرت ابراہیمؑ کی خلّت (بیحد دوستی، بے پناہ محبت)، حضرت ایوبؑ کا صبر، حضرت داؤدؑ کی مناجات، حضرت موسیٰؑ کی جرأت، حضرت ہارونؑ کا تحمل، حضرت سلیمانؑ کی سلطنت، حضرت یعقوبؑ کی آزمائش، حضرت یوسفؑ کی عفت، حضرت زکریاؑ اور حضرت یحییٰؑ کی تقرب الٰہی کے لئے گریہ وزاری، اور حضرت مسیحؑ کا توکل، یہ تمام منتشر اوصاف آپ ﷺ کے وجود مسعود میں سمٹ کر جمع اور یکجا ہو چکے تھے۔

غرض کہ دیگر انبیاء کرام علیہم السلام میں سے ہر ایک کی زندگی خاص خاص اوصاف میں نمونہ اور اسوہ تھی مگر سرور دو جہاں ﷺ کی اعلیٰ وارفع زندگی تمام اوصاف واصناف میں ایک جامع زندگی ہے۔ آپؐ کی سیرت مکمل اور آپؐ کا اسوۂ حسنہ ایک کامل ضابطۂ حیات اور دستور ہے۔ اس کے بعد اصولی طور پر کسی اور چیز کی سرے سے کوئی حاجت ہی باقی نہیں رہ جاتی اور نہ کسی اور نظام وقانون کی ضرورت ہی محسوس ہو سکتی ہے۔

اگر آپ بادشاہ اور سربراہِ مملکت ہیں تو شاہِ عربؐ اور فرمانروائے عالمؐ کی زندگی آپ کے لئے نمونہ ہے۔

اگر آپ فقیر ومحتاج ہیں تو کملی والےؐ کی زندگی آپ کے لئے اسوہ ہے جنہوں نے کبھی دقل (ردی قسم کی کھجوریں) بھی پیٹ بھر کر نہ کھائیں اور جن کے چولہے میں بسا اوقات دو دو ماہ تک آگ نہیں جلائی جاتی تھی۔

اگر آپ سپہ سالار اور فاتح ملک ہیں تو بدر وحنین کے سپہ سالار اور فاتح مکہؐ کی زندگی آپ کے لئے ایک بہترین سبق ہے جس نے عفو وکرم کے دریا بہا دیئے تھے اور ''لاتثریب علیکم الیوم'' کا خوش آئند اعلان فرما کر تمام مجرموں کو آنِ واحد میں معافی کا پروانہ دے کر بخش دیا تھا۔

اگر آپ قیدی ہیں تو شعبِ ابی طالب کے زندانیؐ کی حیات آپ کے لئے درسِ عبرت ہے۔

اگر آپ تارکِ دنیا ہیں تو غارِ حرا کے گوشہ نشینؐ کی خلوت آپ کے لئے قابل تقلید عمل ہے۔

اگر آپ چرواہے ہیں تو مقام اجیاد میں آپؐ کو چند قراریط (ٹکوں) پر اہل مکہ کی بکریاں چراتے دیکھ کر تسکینِ قلب حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر آپ معمار ہیں تو مسجد نبویؐ کے معمارِ اعظمؐ کو دیکھ کر ان کی اقتداء کر کے خوشی محسوس کر سکتے ہیں۔

اگر آپ مزدور ہیں تو خندق کے موقع پر اس بزرگ ہستی کو پھاوڑا لے کر مزدوروں کی صف میں دیکھ کر اور مسجد نبویؐ کے لئے بھاری بھرکم وزنی پتھر اٹھا اٹھا کر لاتے ہوئے دیکھ کر قلبی راحت حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر آپ مجرّد ہیں تو اس پچیس سالہ نوجوان کی پاکدامن اور عفت مآب زندگی کی پیروی کر کے سرورِ قلب حاصل کر سکتے ہیں جس کو کبھی کسی بدترین دشمن نے بھی داغدار نہیں کیا اور نہ کبھی اس کی جرأت کی ہے۔

اگر آپ عیال دار ہیں تو ازواج مطہرات کے شوہر کو ''انا خیرکم لاھلی'' فرماتے ہوئے سن کر جذبۂ اتباع پیدا کر سکتے ہیں۔

اگر آپ یتیم ہیں تو حضرت آمنہ کے لعلؐ کو یتیمانہ زندگی بسر کرتے دیکھ کر آپؐ کی پیروی اور تاسّی کر سکتے ہیں۔

اگر آپ ماں باپ کے اکیلے بیٹے ہیں اور بہنوں اور بھائیوں کے تعاون وتناصر سے محروم ہیں تو حضرت عبداللہ کے اکلوتے بیٹے کو دیکھ کر اشک شوئی کر سکتے ہیں۔

اگر آپ باپ ہیں تو حضرت زینبؓ، رقیہؓ، کلثومؓ، فاطمہؓ، قاسمؓ اور ابراہیمؓ کے شفیق ومہربان باپ کو ملاحظہ کر کے پدرانہ شفقت پر آمادہ ہو سکتے ہیں۔

اگر آپ تاجر ہیں تو حضرت خدیجہؓ کے تجارتی کاروبار میں آپؐ کو دیانت دارانہ سعی کرتے ہوئے معائنہ کر سکتے ہیں۔

اگر آپ عابد شب خیز ہیں تو اسوۂ حسنہ کے مالک کے متورّم قدموں کو دیکھ کر اور ''افلا اکون عبداً شکوراً'' فرماتے ہوئے آپؐ کی اطاعت کو ذریعۂ تقربِ خداوندی اختیار کر سکتے ہیں۔ اور اگر آپ قوم کے خطیب ہیں تو خطیبِ اعظمؐ کو منبر پر جلوہ افروز ہو کر بلیغ اور مؤثر خطبہ ارشاد فرماتے ہوئے اور غافل قوم کو ''انی انا نذیر العریان'' فرما کر بیدار کرتے ہوئے ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

الغرض زندگی کا کوئی قابل قدر اور مستحق توجہ پہلو اور گوشہ ایسا باقی نہیں رہ جاتا جس میں سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی معصوم اور قابل اقتداء زندگی ہمارے لئے بہترین نمونہ، عمدہ ترین اسوہ اور اعلیٰ ترین معیار نہ بنتی ہو۔ پس اس وجودِ قدسی پر لاکھوں بلکہ کروڑوں درود وسلام جس کے وجود مسعود میں ہماری زندگی کے تمام پہلو سمٹ کر آ جاتے ہیں۔ ہماری روح کا ایک ایک گوشہ عقیدت و اخلاص کے جوش سے معمور ہو جاتا ہے جب ہم یہ خیال کرتے ہیں کہ دنیا کے لعل وگوہر کا جو پائیدار خزانہ تمام ارض وسماء اور بحر و بر چھان ڈالنے کے بعد بھی کسی قیمت پر جمع نہیں ہو سکتا تھا وہ انمول خزانہ امت مرحومہ کو اپنے پیارے نبیؐ کے اسوۂ حسنہ، اپنے برگزیدہ رسولؐ کی سنتِ صحیحہ اور اپنے مقبول رسولؐ کے معدنِ حدیث کی ایک ہی کان اور معدن سے فراہم ہو گیا ہے، اور قرآن کریم کے بعد ہماری تمام بیماریوں کا مداوا حدیث پاک میں علیٰ وجہ الاتم موجود ہے۔

# آیوشمان بھارت: تاکہ کوئی بھارتیہ علاج کی سہولیات سے محروم نہ رہے





نئی دہلی، 28 جون (یو این آئی) ”آیوشمان بھارت یوجنا سے کروڑوں لوگوں نے فائدہ اٹھایا ہے، میں بھی ان میں سے ایک ہوں مجھے گردے کا مسئلہ تھا اور اس اسکیم کے تحت میرا علاج پٹنہ، بہار میں ہوا تھا ملک کے غریب اور متوسط طبقے کے لوگوں کو اس اسکیم سے کافی فائدہ مل رہا ہے یہ اسکیم بہت کارآمد اور فائدہ مند ہے“ یہ الفاظ ہیں صحت کے فوائد آسانی سے ملنے اور بغیر کسی قیمت کے علاج کروانے والے بہار کے گیانیندر کمار گپتا کے، جن کے گردے کا مفت علاج آیوشمان یوجنا کی سہولت سے ممکن ہوا ہے۔ علاج کے بعد گیانیندر نے وزیر اعظم نریندر مودی کو خط لکھ کر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ اس تبدیلی کی اسکیم نے گیانیندر جیسے کروڑوں لوگوں کے لیے فوائد حاصل کرنا آسان بنا دیا ہے، جو تقریباً ایک دہائی قبل علاج کے اخراجات کے بوجھ کی وجہ سے خط افلاس سے نیچے چلے جاتے تھے۔ ایسے میں 5 لاکھ روپے تک کے مفت علاج کی انقلابی اسکیم ملک کے 55-60 کروڑ غریب متوسط طبقے کے بزرگوں کے لیے ایک نعمت ثابت ہو رہی ہے۔ ملک میں اس سے قبل بھی یونیورسل ہیلتھ کیئر کی بات ہوئی تھی لیکن پہلی بار کسی حکومت نے دنیا کی سب سے بڑی حفظان صحت کی سہولت فراہم کی ہے جس میں 5 لاکھ روپے تک کا مفت علاج ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مستفید ہونے والوں کے جذبات قدرتی طور پر چھلکتے ہیں۔ جب گیانیندر نے اپنے جذبات کو الفاظ میں بیان کیا اور اسے وزیر اعظم نریندر مودی تک پہنچایا تو وزیر اعظم مودی نے بھی سکون محسوس کیا اور شہریوں کے ساتھ تعلق کا احساس شدت اختیار کر گیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے بہار کے پٹنہ کے رہنے والے گیانیندر کمار گپتا کو خط لکھا ہے اور ان کی صحت میں بہتری کی خواہش کی ہے۔ ملک کے شہریوں کی فلاح و بہبود کے بارے میں وزیر اعظم مودی کی سوچ کتنی حساس ہے اس کا اندازہ ان کے خط سے بھی ہوتا ہے۔ انہوں نے اپنے خط میں لکھا ”میں آپ کی صحت میں بہتری کے بارے میں جان کر بہت خوش ہوں۔ آپ نے گزشتہ دنوں آیوشمان بھارت یوجنا کے ذریعے گردے کے کامیاب علاج کے بارے میں اپنے خط میں جو معلومات شیئر کی ہیں، اس سے دل کو بے حد اطمینان ملا ہے۔“ گیانیندر نے اپنے خط میں لکھا ہے، ”آپ (پی ایم مودی) کی ہمت اور شخصیت ملک کے لوگوں کو راحت اور رہنمائی فراہم کرتی رہے گی۔“ اس کے جواب میں وزیر اعظم مودی اپنے جذبات کو الفاظ میں بیان کرنے سے خود کو نہیں روک سکے۔ انہوں نے لکھا ”ہم نے طبی علاج پر ہونے والے اخراجات کی وجہ سے خاندانوں کی زندگی کی بچت کو ایک ہی جھٹکے میں برباد ہوتے دیکھا ہے۔ کئی بار لوگ اس خرچ کی وجہ سے علاج کروانے سے بھی گریزاں تھے۔ آج آیوشمان بھارت یوجنا اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ کوئی بھارتیہ علاج سے محروم نہ رہے۔ اس اسکیم نے ثابت کیا ہے کہ کس طرح ایک شخص کی زندگی کو نئی امید اور سمت ملتی ہے جب اسے مناسب علاج مل جاتا ہے۔“ پی ایم مودی نے مزید لکھا کہ ترقی یافتہ ہندوستان کے لیے صحت مند ہندوستان کس قدر ضروری ہے۔ ایک صحت مند انسان نہ صرف اپنے خاندان کو طاقت دیتا ہے بلکہ ملک کی تعمیر کے عمل میں بھی فعال کردار ادا کرتا ہے۔ اس لیے وزیر اعظم نے گیانیندر کو اپنے خط میں لکھا، ”کہا گیا ہے ’شریر مادھن کھلو دھرم سادھنم‘ یعنی جسم تمام کاموں اور فرائض کی تکمیل کا پہلا ذریعہ ہے۔ تب ہی جب شہری صحت مند ہوں گے، ملک بھی مضبوط اور اہل بنے گا۔“ وزیر اعظم نے کہا کہ یہ انتہائی خوش آئند ہے کہ مرکزی حکومت کی اسکیمیں نچلی سطح پر عام شہریوں تک پہنچ رہی ہیں اور ان کی زندگیوں میں حقیقی تبدیلی لا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا، ”آپ جیسے تمام ساتھیوں کو علاج کے بعد اسی اعتماد کے ساتھ اپنی زندگی میں آگے بڑھتے دیکھنا ہمارے لیے بہت بڑی کامیابی ہے۔“ خط کے اخیر میں وزیر اعظم نے گیانیندر کی اچھی صحت اور روشن مستقبل کی خواہش ظاہر کی۔ بلاشبہ آیوشمان بھارت یوجنا ترقی یافتہ ہندوستان کے ہدف کی طرف ایک صحت انقلاب ہے۔ درحقیقت، مطالعات سے پتہ چلتا ہے کہ بہتر صحت کی دیکھ بھال کی وجہ سے متوقع عمر میں ایک سال کا بھی اضافہ جی ڈی پی میں 4 فیصد تک اضافے کا باعث بنتا ہے۔ ایسی صورت حال میں یہ آسانی سے سمجھا جا سکتا ہے کہ تنوع سے بھری بڑی آبادی والے ملک کے لیے آیوشمان بھارت یوجنا کتنی اہم ہے۔

## ہندی لازمی زبان کا جی آر جلایا جائے گا: سنجے راوت

ممبئی، 28 جون (یو این آئی) شیوسینا (ٹھاکرے گروپ) کے سینئر رکن پارلیمنٹ سنجے راوت نے ہندی زبان کو لازمی قرار دینے سے متعلق حکومت کے فیصلے کی سخت مخالفت کرتے ہوئے ٹویٹ کیا ہے کہ ”ہندی مسلط کرنے کے جی آر کو ہولی میں جلایا جائے گا، آیئے مراٹھی عوام کی یکجہتی کی طاقت دکھائیں۔“ انہوں نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ حکومت کے اس فیصلے اور ہندی سکتی مورچہ کے خلاف منعقدہ احتجاجی تحریک میں بھرپور شرکت کریں۔ ریاست میں پہلی جماعت سے ہندی زبان کی لازمی تعلیم اور تین زبانوں کے فارمولے پر شدید مخالفت سامنے آ رہی ہے۔ اس مخالفت کو منظم طور پر آگے بڑھانے کے لیے 29 جون کو ٹھاکرے گروپ شاخوں کے سربراہان کی میٹنگ طلب کرے گا اور 5 جولائی کو ایم این ایس اور ٹھاکرے گروپ کی مشترکہ قیادت میں عظیم الشان احتجاجی مارچ نکالا جائے گا۔

# امرناتھ یاترا عوام کی یاترا ہے: ایل جی منوج سنہا



سری نگر، 28 جون (یو این آئی) جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے ہفتہ کو سالانہ امرناتھ یاترا 2025 کو ’عوام کی یاترا‘ قرار دیتے ہوئے کہا کہ ریاست کے ہر طبقے نے اس روحانی سفر کے پرامن اور کامیاب انعقاد کے لیے بھرپور تعاون کا وعدہ کیا ہے۔ ایل جی سنہا سری نگر کے شیر کشمیر انٹرنیشنل کنونشن سینٹر میں منعقدہ اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کر رہے تھے جس میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ، پرنسپل سکریٹری، چیف سکریٹری اتل ڈولو، پولیس و سیکورٹی افسران، ڈویژنل کمشنر کشمیر وی کے بدھوری اور 77 سے زائد سول سوسائٹی ممبران نے شرکت کی۔ اپنے خطاب میں ایل جی سنہا نے 22 اپریل کو پہلگام میں پیش آئے دہشت گرد حملے کو ’کشمیر کی روح پر حملہ‘ قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ پاکستان کی حمایت یافتہ قوتوں کی جانب سے ریاست میں فرقہ واریت پھیلانے کی ایک ناکام کوشش تھی۔ انہوں نے کہا، ’جس طرح کشمیری عوام نے اس حملے کے خلاف اجتماعی طور پر آواز بلند کی، ایسا منظر میں نے اپنے پانچ سالہ دور میں کبھی نہیں دیکھا۔ پوری قوم نے اس اتحاد کو سراہا۔‘ ایل جی سنہا نے زور دے کر کہا کہ یاترا صرف انتظامیہ یا شرائن بورڈ کی نہیں بلکہ عوام کی یاترا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ مشترکہ ذمہ داری ہے اور عوام کا تعاون ہی اس یاترا کی کامیابی کی بنیاد ہے۔ انہوں نے کشمیری کہاوت ’خدای چھ اکھ، ناو چھس سیٹھا‘ خدا ایک ہے، نام مختلف ہیں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ امرناتھ یاترا اتحاد، بھائی چارے اور مشترکہ اقدار کی علامت ہے۔ ایل جی نے اعتراف کیا کہ پہلگام حملے کے بعد یاترا رجسٹریشن میں 19.10 فیصد کمی دیکھی گئی، تاہم، انتظامیہ کی مداخلت کے بعد تقریباً 85 فیصد یاتریوں نے اپنی یاترا کی منصوبہ بندی جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ میٹنگ کے دوران بعض مذہبی رہنماؤں نے یاتریوں کے استقبال کے لیے باقاعدہ پروگرام منعقد کرنے کی خواہش ظاہر کی، تاہم ایل جی سنہا نے واضح کیا کہ انتظامیہ کی سطح پر ایسے اجتماعات ممکن نہیں، البتہ افراد ذاتی طور پر یاتریوں سے ملاقات کر سکتے ہیں۔ ایل جی سنہا نے کہا کہ جموں و کشمیر کے لوگ جس طرح دہشت گردی کے خلاف کھڑے ہو رہے ہیں، وہ ایک بہتر مستقبل کے لیے ان کے عزم کا اظہار ہے۔ ترقی کے لیے امن ضروری ہے، اور ہمیں ہر قیمت پر اسے قائم رکھنا ہے۔“

# بی جے پی نے اب تک 10 ہزار کچی بستیاں گرائی ہیں: اے اے پی

نئی دہلی، 28 جون (یو این آئی) عام آدمی پارٹی (اے اے پی) نے ہفتہ کو کہا کہ حکومت بننے کے بعد بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) نے اب تک تقریباً 10 ہزار کچی بستیوں کو گرایا ہے، جس کی وجہ سے ایک لاکھ سے زیادہ لوگ بے گھر ہو چکے ہیں۔ اے اے پی کے دہلی ریاستی صدر سوربھ بھاردواج نے آج کہا کہ دہلی انتخابات کے دوران بی جے پی کے تمام بڑے لیڈروں بشمول وزیر اعظم نریندر مودی نے غریب کچی آبادیوں سے وعدہ کیا تھا کہ جہاں کچی بستیاں ہیں وہیں گھر بنائیں گے۔ غریبوں نے بی جے پی کے دھوکے میں آ کر اسے ووٹ دیا اور اپنی حکومت بنالی۔ حکومت بننے کے چند ہی دنوں میں بی جے پی نے ان غریبوں کی کچی بستیاں گرانا شروع کر دی ہیں۔ اب تک تقریباً دس ہزار کچی بستیاں مسمار کی جا چکی ہیں اور ایک لاکھ سے زائد غریب کچی آبادی بے گھر ہو چکی ہے۔ ان کے پاس رہنے کی جگہ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ جن لوگوں کو بی جے پی نے مکانات دیئے ہیں، وہ تو دور کی بات ہے، جہاں بنیادی سہولتیں نہیں ہیں۔ جبکہ کئی لوگوں کو نا اہل قرار دے کر گھر نہیں دیئے گئے اور یہ لوگ سڑکوں پر زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ اے اے پی لیڈر نے کہا کہ بی جے پی غریب مخالف ہے۔ یہ دہلی سے غریبوں کو نکالنا چاہتی ہے، اس لیے وہ ایک ایک کر کے کچی بستیوں کو گرا رہی ہے۔ آنے والے دنوں میں دہلی کی کئی اور جھونپڑیوں پر بلڈوزر کارروائی ہونے والی ہے۔ ایسے میں تمام کچی آبادیوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ متحد ہو کر آواز بلند کریں۔ عام آدمی پارٹی ہمیشہ ان غریب کچی آبادیوں کے ساتھ کھڑی رہی ہے۔

## پندرہ فوجیوں کی شہادت میں ملوث نکسلی "انکل" پولیس کے شکنجے میں

ممبئی، 28 جون (یو این آئی) مہاراشٹر کے گڑھچرولی ضلع میں پولیس اور اسٹیٹ ریزرو فورس کو ایک بڑی کامیابی ملی ہے، جب انہوں نے بھمراگڑھ تعلقہ کے کاوندے گاؤں میں مشتبہ نکسلی مانو سلاج پالو عرف ”انکل“ کو گرفتار کیا۔ وہ ماؤنواز کورچی دلم کا ڈپٹی کمانڈر تھا اور اس پر حکومت کی جانب سے 6 لاکھ روپے کا انعام مقرر تھا۔ پولیس کے مطابق، مانو پالو 13 سال کی عمر میں ماؤنواز تحریک سے جڑا تھا اور چھتیس گڑھ کی این آئی بی کمپنی میں رکن کے طور پر شامل ہوا تھا۔ سال 2017 میں اس کا تبادلہ بھمراگڑھ دلم میں کیا گیا، جس کے بعد وہ کورچی دلم میں ڈپٹی کمانڈر کے طور پر سرگرم رہا۔ 2020 سے وہ مہاراشٹر اور چھتیس گڑھ کی سرحد پر واقع کاوندے جنگل میں ماؤنواز سرگرمیوں میں مصروف تھا۔ 2 مئی 2019 کو کرکھیڑا تعلقہ کے جمبھولکھیڑا علاقے میں ہوئے بارودی سرنگ دھماکے میں 15 جوان شہید ہوئے تھے۔

# خاندانی عزائم کی وجہ سے ایمرجنسی لگائی گئی: جتیندر سنگھ



نئی دہلی، 28 جون (یو این آئی) مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے ہفتہ کے روز کہا کہ ”آمرانہ رجحانات، موقع پرستی، جمہوری سوچ کی کمی اور خاندانی عزائم کی وجہ سے 1975 میں ایمرجنسی نافذ ہوئی۔ ڈاکٹر سنگھ نے دہلی اسمبلی میں ”ہندوستانی جمہوریت اور آئین کا تاریک ترین دور: مت بھولو، معاف نہ کرو“ کے عنوان پر منعقدہ ایک سیمینار میں کہا کہ ”1975 سے 1977 تک کا مختصر مگر تاریک دور ہندوستان کے ہر شہری کی زندگیوں کو متاثر کرنے والا تھا، بنیادی حقوق کو معطل کیا گیا، سخت سنسر شپ لگائی گئی اور پریس کے بغیر ہزاروں لوگوں کو تنگ کیا گیا اور شہری ترقی کے نام پر بڑے پیمانے پر انہدام کی گئی 1976 میں منظور کی گئی 42ویں آئینی ترمیم نے لوک سبھا اور ریاستی اسمبلیوں کی مدت پانچ سے بڑھا کر چھ سال کر دی، جسے بعد میں 44ویں ترمیم (1978) نے واپس لے لیا۔ اسمبلی کے اسپیکر وجیندر گپتا نے کہا کہ ایمرجنسی کے بعد شروع ہونے والی تحقیقات ابھی تک نامکمل ہیں۔ شاہ کمیشن رپورٹ (1978) انسانی حقوق کی تمام خلاف ورزیوں اور انتظامی تجاوزات کی جامع تحقیقات نہیں کر سکی۔ اب وقت آ گیا ہے کہ ایک نیا کمیشن بنایا جائے اور اس کے بعد ہونے والے جبر اور مظالم کی تفصیلی تحقیقات کی جائیں۔“ مسٹر گپتا نے کہا کہ ایمرجنسی کے دوران 42ویں ترمیم کے ذریعے آئین میں سوشلسٹ اور سیکولر کے الفاظ کیوں شامل کیے گئے؟ آئین جیسی دستاویز میں اس طرح کی بنیادی تبدیلیاں قومی بحث اور اتفاق رائے کے بغیر نہیں کی جا سکتیں۔ یہ ہر حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ نظام سے سیکھے گئے اسباق کو زندہ رکھے اور نظام کو کمزور نہ ہونے دے۔

## اتراکھنڈ الیکشن کمیشن نے پنچایتی انتخابات کے لیے نظر ثانی شدہ نوٹیفکیشن جاری کیا

دہرادون، 28 جون (یو این آئی) اتراکھنڈ ہائی کورٹ کے حکم کے بعد ریاستی الیکشن کمیشن نے ہفتہ کو تین سطحی پنچایتی انتخابات کے لیے نظر ثانی شدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ ووٹنگ کی نئی تاریخیں 24 اور 28 جولائی مقرر کی گئی ہیں۔ اس کے ساتھ ہی ریاست میں ماڈل کوڈ آف کنڈکٹ دوبارہ نافذ ہو گیا ہے۔ نظر ثانی شدہ نوٹیفکیشن کے مطابق پنچایتی انتخابات کے لیے ووٹنگ دو مرحلوں میں 24 اور 28 جولائی کو صبح 8 بجے سے شام 5 بجے تک ہوگی۔ بیریندر سنگھ بٹولا بمقابلہ ریاست اتراکھنڈ اور دیگر کی رٹ درخواستوں پر 23 جون کے عدالت کے حکم امتناعی کے نتیجے میں، ریاستی الیکشن کمیشن نے تین سطحی پنچایت انتخابات کے لیے نوٹیفکیشن واپس لے لیا تھا۔

# مقدس صحیفوں کی بے حرمتی کے معاملے میں سخت سزا کے لیے قانون بنایا جائے گا: مان



چندی گڑھ، 28 جون (یو این آئی) پنجاب کے وزیر اعلیٰ بھگونت سنگھ مان نے ہفتہ کو اعلان کیا کہ ریاستی حکومت مقدس صحیفوں کی بے حرمتی سے متعلق معاملات میں سخت سزا کو یقینی بنانے کے لیے ایک سخت قانون بنائے گی۔ سرو دھرم سیکریلیج پریوینشن لا فرنٹ کے عہدیداروں اور نمائندوں کے ساتھ ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ پنجاب عظیم انسانوں، سنتوں اور پیغمبروں کی مقدس سرزمین ہے جنہوں نے پوری دنیا کو باہمی محبت اور رواداری کا راستہ دکھایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ فخر کی بات ہے کہ پنجاب سوشلزم، سیکولرازم اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی، امن اور بھائی چارے کی علامت ہے۔ مسٹر مان نے اس بات کا اعادہ کیا کہ ریاستی حکومت بے حرمتی کے واقعات کے مجرموں کے لئے مثالی سزا کو یقینی بنانے کے لئے پوری طرح پابند عہد ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس ٹھوس ریاستی سطح کا قانون بنانے کے لیے حکومت قانونی ماہرین سے مشورہ کرے گی تاکہ مجرموں کو سخت سے سخت سزا دی جا سکے۔ انہوں نے موجودہ قانونی خامیوں پر تشویش کا اظہار کیا جو اس طرح کے ناقابل معافی جرائم کے مرتکب افراد کو آزادانہ گھومنے کی اجازت دیتے ہیں۔ انہوں نے اسے مکمل طور پر غلط اور ناقابل قبول قرار دیا۔ ہر ایک کے لیے انصاف کو یقینی بنانے کے لیے اپنی حکومت کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے، مسٹر مان نے کہا کہ توہین کے ان واقعات میں بالواسطہ یا بلاواسطہ ملوث کسی بھی فرد کو بخشا نہیں جائے گا اور قصورواروں کو سخت سزا دی جائے گی۔

# قصبہ لا کالج گینگ ریپ: بی جے پی نے ممتا بنرجی سے استعفیٰ کا مطالبہ کیا



نئی دہلی 28 جون (یو این آئی) بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) نے کولکتہ کے قصبہ لاء کالج میں ایک طالبہ کے ساتھ اجتماعی عصمت دری کو ریاستی حکومت کے تحفظ میں کیا گیا جرم قرار دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی کے استعفیٰ کا مطالبہ کیا ہے اور اس واقعہ کی تحقیقات کے لیے چار رکنی کمیٹی بنانے کا اعلان کیا ہے۔ بی جے پی کے ترجمان ڈاکٹر سمبت پاترا نے یہاں پارٹی کے مرکزی دفتر میں ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ ”بنگال میں جو کچھ ہو رہا ہے اس سے ہم سب بہت پریشان ہیں۔ بنگال میں خواتین کے ساتھ اس قسم کے ظالمانہ سلوک کو برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ ہم ممتا بنرجی سے وضاحت نہیں مانگ رہے ہیں، ہم ان سے معافی مانگنے اور استعفیٰ دینے کا مطالبہ کرتے ہیں۔“ انہوں نے کہا کہ کولکاتہ کے لاء کالج میں پیش آنے والے اس ہولناک واقعہ سے پورا ملک غمزدہ ہے۔ یہ حیران کن ہے کہ مغربی بنگال کس سمت جا رہا ہے۔ یہ افسوس کی بات ہے کہ بنگال میں خواتین کے خلاف ایسے گھناؤنے جرائم بار بار منظر عام پر آ رہے ہیں، حالانکہ یہاں ایک خاتون وزیر اعلیٰ ہیں۔ یہاں خواتین پر اتنا ظلم کیوں کیا جاتا ہے؟ متاثرہ کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ ریاستی سرپرستی میں ظلم ہے۔ ایسا کہنے کی وجہ یہ ہے کہ کالج یونین اس میں مبینہ طور پر ملوث ہے۔ مرکزی ملزم منوجیت مشرا مبینہ طور پر ترنمول کانگریس کے طلبہ ونگ کا سکریٹری رہ چکا ہے۔ وہ اس کالج کے طالب علم ہیں، قانون کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں اور حکمران جماعت کی طلبہ تنظیم سے بھی وابستہ ہیں۔ ان کی تصویریں ابھیجیت بنرجی، ایم پی کلیان بنرجی، وزیر اعلیٰ کی رشتہ دار کجری بنرجی کے ساتھ ہیں جو ان لیڈروں کے ساتھ ان کی قربت کو ظاہر کرتی ہیں۔ ڈاکٹر پاترا نے کہا کہ 25 جون کو کولکتہ کے قصبہ لاء کالج میں ہماری ایک بہن کے ساتھ جو تقریباً 24-25 سال کی عمر کی طالبہ کے ساتھ ہوئے گھناؤنے اجتماعی عصمت دری کے واقعہ سے پورے ہندوستان میں آج غم کا ماحول ہے، حیرت کی بات ہے کہ بنگال کس طرف جا رہا ہے۔ ایسے واقعات ایک بار پھر منظر عام پر آ رہے ہیں، کیا پھر سے لا کالج کا معاملہ ہے یا کربا کالج کا۔ جس ریاست کی ایک خاتون وزیر اعلیٰ ہیں وہاں خواتین کے تئیں حساسیت ہونی چاہیے، اس قسم کی بے حسی کیوں ہے، متاثرہ نے خود ایک تحریری بیان جاری کیا ہے، جسے غور سے پڑھا جائے تو یہ واضح ہو جاتا ہے کہ اجتماعی عصمت دری کا واقعہ کہیں نہ کہیں ریاست کی سرپرستی میں ہوا ہے۔

## اندرا گاندھی نے آئین کے بنیادی ڈھانچے کو تبدیل کیا تھا: بی جے پی

نئی دہلی، 28 جون (یو این آئی) ایمرجنسی کے دوران ایک انگریزی اخبار میں شائع رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) نے ہفتہ کو کہا کہ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اس وقت کی وزیراعظم اندرا گاندھی نے آئین کے بنیادی ڈھانچے کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کی تھی اور یہ کانگریس کے منہ پر طمانچہ ہے۔ بی جے پی کے ترجمان اور رکن پارلیمنٹ سمبت پاترا نے پارٹی کے مرکزی دفتر میں ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ 25 جون 2025 کو ملک میں ایمرجنسی کے 50 سال مکمل ہو گئے ہیں۔ وہ 30 دسمبر 1975 کا ’ٹائمز آف انڈیا‘ کا شمارہ لائے جس میں کہا گیا تھا کہ مسز اندرا گاندھی آئین کے بنیادی ڈھانچے کو تبدیل کرنا چاہتی ہیں۔ بی جے پی ترجمان نے کہا کہ آج جو لوگ ہم پر یہ الزام لگاتے ہیں کہ وہ آئین کو تبدیل کرنا چاہتے ہیں، یہ ان کے منہ پر طمانچہ ہے۔ اس اخباری رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مسز گاندھی کا ماننا تھا کہ آئین ہندوستان کے لوگوں کے حقیقی جذبات کی عکاسی نہیں کرتا اور اسی لیے وہ تبدیلیاں لانا چاہتی تھیں۔ محترمہ گاندھی نے وکلاء کے ایک پروگرام میں یہ سوال بھی پوچھا تھا کہ کیا ہندوستان کا یہ آئین واقعی ہندوستان کے لوگوں کی خدمت کرتا ہے؟ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ جمہوریت میں ایمرجنسی کے برے عمل پر بات کرنا ضروری ہے تاکہ کوئی دوبارہ اسے دہرانے کی جرات نہ کرے۔

# امرناتھ یاترا: بی ایس ایف نے پاک ہند بین الاقوامی سرحد پر سیکورٹی سخت کی

جموں، 28 جون (یو این آئی) شری امرناتھ یاترا 3 جولائی سے شروع ہونے جا رہی ہے اور اس سے پہلے 2 جولائی کو یاتری نواس جموں سے جتھا روانہ کیا جائے گا۔ اس موقع پر بارڈر سیکورٹی فورس نے جموں فرنٹیئر کے تحت ہند پاک بین الاقوامی سرحد پر سیکورٹی سخت کر دی ہے۔ جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا 2 جولائی کو جموں کے بھگوتی نگر میں واقع یاتری نواس سے شری امرناتھ یاتریوں کے پہلے جتھے کو ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ بی ایس ایف حکام نے ہفتے کے روز کہا کہ پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد اس سال کی امرناتھ یاترا کے لیے سرحد پر بے مثال حفاظتی انتظامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بی ایس ایف نے جموں کے سرحدی علاقے میں بین الاقوامی سرحد پر گشت بڑھا دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یاترا کے آغاز میں صرف چند دن باقی ہیں اور بی ایس ایف نے خواتین اہلکاروں سمیت اضافی جوانوں کے ساتھ وسیع انتظامات کئے ہیں اور سرحد پر نگرانی بھی سخت کر دی گئی ہے۔ حکام نے کہا کہ ہمارے فوجی 24 گھنٹے گشت کر رہے ہیں اور سرحد پر ہر سرگرمی پر کڑی نظر رکھی جا رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہائی ٹیک آلات کے علاوہ ڈرون بھی سرحد پر کسی بھی ناپسندیدہ اور مشکوک سرگرمی پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔ بی ایس ایف جموں فرنٹیئر کے انسپکٹر جنرل ششانک آنند نے 27 مئی کو جموں فرنٹیئر میں اپنی پہلی پریس کانفرنس میں کہا تھا کہ بی ایس ایف چوکس ہے اور سرحد پر انتہائی چوکسی برقرار رکھے ہوئے ہے۔

# دیا کماری نے رہاٹکر سے ملاقات کی

جے پور، 28 جون (یو این آئی) راجستھان کی نائب وزیر اعلیٰ دیا کماری نے ہفتہ کو خواتین کے قومی کمیشن کی چیئر پرسن وجیا رہاٹکر سے خیرسگالانہ ملاقات کی۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ اس موقع پر دونوں نے خواتین کو بااختیار بنانے، قیادت میں خواتین کے کردار اور پالیسی کی سطح پر خواتین کے مفادات کی شراکت پر گہرائی سے بات چیت کی۔ محترمہ کماری نے انہیں راجستھان حکومت کی طرف سے خواتین کی فلاح و بہبود کے لیے چلائی جا رہی اسکیموں کے بارے میں آگاہ کیا، جن میں بنیادی طور پر سیلف ہیلپ گروپس، خواتین کی انٹرپرینیورشپ اور خواتین کی حفاظت کے لیے تکنیکی اختراعات شامل ہیں۔ ریاستی حکومت کی کوششوں کی تعریف کرتے ہوئے محترمہ رہاٹکر نے کہا کہ راجستھان جیسی ثقافتی لحاظ سے امیر ریاست میں خواتین کی قیادت اور شرکت کو مزید فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے تنظیم اور حکومت کے ساتھ مل کر خواتین کے لیے مزید موثر پالیسیاں بنانے پر بھی بات کی۔

# سپول: مڈ ڈے میل کھانے کے بعد 80 سے زائد بچے بیمار

سپول، 28 جون (یو این آئی) بہار کے سپول ضلع کے چھاتہ پور بلاک علاقے کے تحت محمد گنج پنچایت میں واقع اتکرمیت مدھیہ ودیالیہ شنکر پٹی میں ہفتہ کو مڈ ڈے میل کھانے سے 80 سے زیادہ بچے بیمار پڑ گئے۔ پولیس ذرائع نے یہاں بتایا کہ اتکرمیت مدھیہ ودیالیہ شنکر پٹی میں 100 سے زیادہ بچوں نے دوپہر کا کھانا کھایا۔ کھانے کے کچھ ہی دیر بعد بچوں کو پیٹ میں درد اور الٹیاں ہونے لگیں۔ بچوں کو چھاتہ پور کمیونٹی ہیلتھ سنٹر (سی ایچ سی) اور پرائیویٹ کلینک میں داخل کرایا گیا ہے۔ دیر شام باورچی سنتولیہ دیوی کو بھی اسپتال میں داخل کرایا گیا۔ والدین نے بتایا کہ مڈ ڈے میل میں دی گئی کھچڑی کھانے کے کچھ ہی دیر بعد طالبات کو پیٹ میں درد اور الٹیاں ہونے لگیں۔ گاؤں والوں کا الزام ہے کہ کھچڑی سڑے ہوئے چاولوں سے بنائی گئی تھی۔ دریں اثنا، سی ایچ سی انچارج ڈاکٹر نوین کمار سنگھ نے بتایا کہ 80 سے زیادہ بچے اسپتال پہنچ چکے ہیں اور تمام کا علاج چل رہا ہے۔ تمام بچے خطرے سے باہر ہیں۔ دیر شام تروینی گنج کے سب ڈویژنل افسر (ایس ڈی ایم) ابھیشیک کمار اور سب ڈویژنل پولیس افسر (ایس ڈی پی او) وبھاس کمار نے سی ایچ سی پہنچ کر صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ڈاکٹروں سے بچوں کا حال دریافت کیا۔ ایس ڈی ایم نے کہا کہ معاملے کی جانچ کے بعد قصورواروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ قابل ذکر ہے کہ کل جمعہ کو بھی ضلع کے بسنت پور بلاک کے بھگوان پنچایت کے وارڈ نمبر 2 میں واقع پرائمری اسکول رانی گنج میں مڈ ڈے میل کھانے سے 35 بچے بیمار ہو گئے تھے، جن کا بیر پور کے سب ڈویژنل اسپتال میں علاج کیا گیا تھا۔

# پارلیمانی کمیٹی کا ماتا ویشنو دیوی مندر کا دورہ، سہولیات کا لیا جائزہ

جموں، 28 جون (یو این آئی) پارلیمانی اسٹینڈنگ کمیٹی برائے پرسنل، عوامی شکایات، قانون و انصاف نے ہفتے کو جموں و کشمیر کے کٹرا میں واقع ماتا ویشنو دیوی مندر کا دورہ کیا تاکہ وہاں دستیاب سہولیات، عوامی شکایات اور ان کے ازالے کے نظام کا جائزہ لیا جا سکے۔ کمیٹی کی قیادت رکن پارلیمنٹ برج لال کر رہے ہیں، جو ان دنوں جموں و کشمیر کے تین روزہ دورے پر ہیں۔ کٹرا میں نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے برج لال نے کہا، ’میں ماتا جی کے درشن کے لیے یہاں آیا ہوں، تاہم اس دورے کا اصل مقصد شری ماتا ویشنو دیوی شرائن بورڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور دیگر حکام سے ملاقات کر کے سہولیات اور شکایات کے ازالے کے نظام پر تبادلہ خیال کرنا تھا۔‘ انہوں نے مزید کہا، ’اس دورے کے بعد ہم پارلیمنٹ میں ایک رپورٹ پیش کریں گے، تاہم اس کی تفصیلات فی الحال عوامی نہیں کی جا سکتیں۔‘ برج لال نے شرائن بورڈ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ میرا یہاں کا تجربہ انتہائی مثبت رہا۔ میں نے 2023 میں بھی یہاں کا دورہ کیا تھا، تب کے مقابلے میں اس بار نمایاں بہتری دیکھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کمیٹی نے درشن کے دوران مندر سے متعلق مختلف پہلوؤں پر تفصیل سے گفتگو کی۔ اس کے علاوہ، کمیٹی کی جموں میں پاور گرڈ اور دیگر سرکاری اداروں کے حکام سے بھی ملاقاتیں طے ہیں۔ برج لال کے مطابق، ’جموں کے دورے کے بعد ہم سری نگر جائیں گے، جہاں چیف سکریٹری اور دیگر سرکاری افسران سے ملاقات ہوگی۔ اس کے بعد کمیٹی اپنی حتمی رپورٹ پارلیمنٹ کو پیش کرے گی۔‘ انہوں نے واضح کیا کہ اس دورے کا سب سے بڑا مقصد عوامی شکایات کو جاننا اور یہ سمجھنا تھا کہ زائرین کو کیا مسائل درپیش ہیں اور متعلقہ حکام ان کا کیا حل نکالتے ہیں۔

# سری نگر میں دہشت گرد معاونین کے خلاف پولیس کا کریک ڈاؤن، 30 سے زائد مقامات پر چھاپے

سری نگر، 28 جون (یو این آئی) جموں و کشمیر پولیس نے غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام سے متعلق ایکٹ (یو اے پی اے) کے تحت درج مقدمات کی تحقیقات کے سلسلے میں سری نگر کے مختلف علاقوں میں دہشت گرد تنظیموں کے مبینہ معاونین کے خلاف تلاشی مہم تیز کر دی ہے۔ پولیس نے بتایا کہ یہ کارروائیاں دہشت گردی کے ڈھانچے کو منہدم کرنے کے لیے کی جا رہی ہیں۔ سری نگر پولیس نے جاری بیان میں کہا کہ گزشتہ دو ماہ کے دوران 200 سے زائد مشتبہ افراد کے گھروں پر چھاپے مارے جا چکے ہیں، جب کہ حالیہ دنوں میں 30 سے زائد مقامات پر تازہ چھاپے مارے گئے۔ پولیس کے مطابق یہ چھاپے قانونی طریقہ کار، ایگزیکٹو مجسٹریٹ اور آزاد گواہوں کی موجودگی میں انجام دیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ تلاشی کارروائیاں ہتھیاروں، دستاویزات، ڈیجیٹل آلات وغیرہ کی برآمدگی کے مقصد سے کی گئیں، تاکہ شواہد جمع کیے جا سکیں اور خفیہ معلومات حاصل کر کے ملک کی سلامتی کے خلاف کسی بھی سازشی یا دہشت گردانہ سرگرمی کی نشاندہی اور اس کا بروقت تدارک کیا جا سکے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ جن افراد کے گھروں پر تلاشی لی گئی، ان میں وہ افراد شامل ہیں جو پہلے سے درج ’یو اے پی اے‘ مقدمات، اسلحہ ایکٹ، اور دیگر سنگین الزامات میں ملوث پائے گئے ہیں۔ ان میں نمایاں ناموں میں بلال احمد لون، باسط بلال مکایا، مومن ولی شیخ، عبدالعزیز ڈار عرف جنرل موسیٰ، شیخ فاروق، فضل لطیف مکرو، امتیاز احمد پاری، مدثر مہراج خان، عاقب احمد وانی عرف بویا، شمیم احمد چلو، عاقب یوسف کینو، اور دیگر شامل ہیں۔ پولیس نے کہا کہ مذکورہ افراد یا تو دہشت گرد تنظیموں کے سرگرم معاونین کے طور پر کام کر رہے تھے یا ماضی میں ان کے لیے مالی، تکنیکی یا پناہ کی سہولت فراہم کرتے رہے ہیں۔ پولیس ترجمان کے مطابق: ’یہ کارروائیاں نہ صرف شواہد جمع کرنے کے لیے کی جا رہی ہیں بلکہ اس کا مقصد کسی بھی ممکنہ دہشت گردانہ سازش کو بے نقاب کرنا اور وقت سے پہلے ناکام بنانا ہے۔‘ واضح رہے کہ جموں و کشمیر پولیس نے حالیہ دنوں میں متعدد ایسی کارروائیاں کی ہیں جن کا مقصد دہشت گرد تنظیموں کی معاونت کرنے والے نیٹ ورکس کو بے نقاب کرنا اور وادی میں امن و امان کو یقینی بنانا ہے۔

روزنامہ حقیقت ٹائمس مظفر پور
Urdu Daily Muzaffarpur
HAKIKAT TIMES
उर्दू दैनिक, मुजफ्फरपुर
हकीकत टाइम्स

# تباہ حال غزہ میں طبی امداد کی کھیپ سمندر میں ایک قطرے کے مترادف ہے: عالمی ادارہ صحت

غزہ: عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کے ڈائریکٹر جنرل ٹیڈروس ایڈہانوم گیبریسوس نے بتایا ہے کہ بدھ کے روز غزہ میں مارچ کے بعد پہلی بار طبی امداد کی ایک کھیپ داخل کی گئی ہے، جو شدید تباہ حالی کا شکار غزہ کے باسیوں کے لیے محض ایک "قطرہ" ہے، جب کہ ان کی ضروریات "ایک گہرے اور طوفانی سمندر" کی مانند ہیں۔

ٹیڈروس نے جمعرات کو اپنے ایک بیان میں کہا کہ یہ امداد نو ٹرکوں پر مشتمل تھی جن میں بنیادی طبی سامان، دو ہزار یونٹ خون اور پندرہ سو یونٹ پلازما شامل تھے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ یہ امدادی اشیاء انتہائی خطرناک اور غیر محفوظ حالات کے باوجود کرم ابو سالم سرحدی گزرگاہ کے ذریعے غزہ پہنچائی گئیں اور خوش قسمتی سے راستے میں کسی قسم کی لوٹ مار یا رکاوٹ پیش نہیں آئی۔

عالمی ادارہ صحت کے مطابق یہ طبی امداد آئندہ دنوں میں ان ہسپتالوں میں تقسیم کی جائے گی جنہیں سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ خون اور پلازما کے ذخیرے کو ناصر ہسپتال کے ریفریجریٹڈ اسٹور میں منتقل کر دیا گیا ہے تاکہ وہ ان مراکز کو مہیا کیا جا سکے جہاں خوراک کی تقسیم کے دوران پیش آنے والے صہیونی حملوں کی وجہ سے زخمیوں کی تعداد میں خطرناک حد تک اضافہ ہو چکا ہے۔

یاد رہے کہ اقوام متحدہ اور بین الاقوامی انسانی تنظیموں کی نگرانی سے ہٹ کر تل ابیب اور واشنگٹن نے 27 مئی سے ایک نئی اور ظالمانہ حکمت عملی اپنائی ہے جسے "غزہ ہیومینٹیرین فاؤنڈیشن" کہا جاتا ہے، جس کے تحت فلسطینیوں کو بھوک یا اسرائیلی گولی میں سے ایک کے انتخاب پر مجبور کیا جا رہا ہے۔ یہ پالیسی دراصل فلسطینیوں کو محض زندہ رکھنے کی ایک مکارانہ کوشش ہے تاکہ دنیا کو دھوکا دیا جا سکے۔

گیبریسس نے مزید انکشاف کیا کہ چار مزید ٹرک طبی امداد کے ساتھ تاحال کرم ابو سالم کی سرحد پر موجود ہیں، جب کہ دیگر کئی ٹرک راستے میں ہیں، جنہیں جلد غزہ بھیجا جائے گا۔

انہوں نے فلسطینی وزارت صحت اور اقوام متحدہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ "یہ امداد محض ایک قطرہ ہے، جب کہ اصل ضرورت بہت زیادہ ہے۔ ہمیں غزہ میں جانیں بچانے کے لیے بڑے پیمانے پر، فوری، بلا روک ٹوک اور مسلسل طبی امداد کی فراہمی کی ضرورت ہے، جو تمام ممکنہ راستوں سے کی جانی چاہیے"۔

قابض اسرائیل نے امریکہ کی پشت پناہی میں 7 اکتوبر سنہ 2023ء سے غزہ پر جو ہلاکت خیز جنگ مسلط کی ہے، وہ ایک کھلی نسل کشی کی شکل اختیار کر چکی ہے، جس میں انسانی قتل عام، بھوک، تباہی اور جبری



ہجرت شامل ہے۔ اسرائیل اقوام متحدہ، عالمی عدالت انصاف اور عالمی ضمیر کی تمام اپیلوں کو نظر انداز کر رہا ہے۔

اس جنگ نے اب تک تقریباً 1 لاکھ 88 ہزار فلسطینیوں کو شہید یا زخمی کیا ہے، جن میں اکثریت بچوں اور خواتین کی ہے۔ گیارہ ہزار سے زیادہ افراد تاحال لاپتہ ہیں، جب کہ لاکھوں افراد بے گھر ہو چکے ہیں۔ شدید قحط کی وجہ سے سینکڑوں بچے موت کے منہ میں جا چکے ہیں۔ پورا غزہ ملبے کا ڈھیر بن چکا ہے۔ قابض اسرائیل نے غزہ کا محاصرہ گزشتہ 18 برسوں سے مسلط کر رکھا ہے، اور آج تقریباً 24 لاکھ کی آبادی میں سے ڈیڑھ کروڑ فلسطینی نہ صرف بے گھر ہو چکے ہیں، بلکہ خوراک، دوا، پانی اور پناہ کے لیے در بدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں۔

## سعودی عرب نے فلسطین کو 30 ملین ڈالر کی نئی امداد فراہم کر دی

ریاض: سعودی عرب نے 2025 تک فلسطین کی ریاست کے لیے جاری حمایت کے حصے کے طور پر ایک نئی مالی ادائیگی فراہم کی ہے۔ یہ رقم تقریباً 30 ملین ڈالر کی ہے۔ یہ امداد فلسطینی وزیر خزانہ عمر بطار کو موصول ہوئی۔ امداد کی فراہمی عمان میں سعودی سفارت خانے میں وزیر بطار اور اردن میں سعودی سفارت خانے کے قائم مقام چارج



ڈی افیئرز محمد بن حسن مؤنس کے درمیان ملاقات کے دوران کی گئی۔ وزیر خزانہ عمر بطار نے سعودی عرب کی مسلسل مالی اور سیاسی حمایت کی تعریف کی اور حالیہ اسرائیلی پالیسیوں کی روشنی میں فلسطین کی ریاست کو درپیش مالی بحران کے خاتمے میں اس کی اہمیت پر زور دیا۔ اپنی طرف سے مؤنس نے وضاحت کی کہ یہ فراہمی فلسطینی حکومت کی حمایت کرنے اور اسے اپنی مالی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے قابل بنانے کے لیے مملکت کے عزم کے دائرے میں آتی ہے۔ انہوں نے فلسطینی عوام کی استقامت کو تقویت دینے اور معاشی اور انسانی چیلنجوں کا سامنا کرتے ہوئے ان کے مصائب کو دور کرنے میں اس امداد کو اہم قرار دیا۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ مملکت سعودی عرب نے حالیہ برسوں میں تقریباً 3.5 بلین ڈالر کی امداد فراہم کی ہے۔

## لندن: برطانوی ایئر بیس پر فلسطینیوں کے حق میں احتجاج پر دو خواتین سمیت چار افراد گرفتار

برطانوی پولیس نے جمعہ کے روز انسانی حقوق کے کارکنوں کو حراست میں لینے کی تصدیق کی ہے۔ یہ چاروں انسانی حقوق کارکن اسرائیلی فوج کے ہاتھوں غزہ میں جاری نسل کشی کے باوجود برطانیہ کی جانب اسلحہ بھجوانے کے خلاف احتجاج کر رہے تھے۔ اسی دوران یہ مبینہ طور پر برطانیہ کی شاہی فضائیہ کے ایک اڈے تک پہنچ گئے۔ ان احتجاج کرنے والے کارکنوں کا یہ بھی مطالبہ ہے کہ برطانیہ اسرائیل کو کسی قسم کی فوجی یا ٹیکنالوجی کی مدد نہ دے کیونکہ اسرائیل اسے غزہ میں فلسطینیوں کی نسل کشی کے لیے استعمال کرتا ہے۔ برطانیہ کی انسداد دہشت گردی پولیس نے پچھلے ہفتے احتجاج میں شامل چار مشتبہ انسانی حقوق کارکنوں کو گرفتار کیا ہے۔ ان پر الزام ہے کہ انہوں نے اپنے احتجاج کے دوران رائل ایئر فورس کے جنگی جہازوں پر رنگ سے پینٹ سپرے کر کے ان کو نقصان پہنچایا تھا۔ گرفتار کیے گئے انسانی حقوق کارکنوں میں ایک 29 سالہ خاتون کارکن اور دو مرد کارکن شامل ہیں۔ جن کی عمریں بالترتیب 24 اور 36 سال ہیں۔ ان تین کے علاوہ ان کو مدد دینے کے الزام میں ایک 41 سالہ خاتون کارکن کو بھی حراست میں لیا گیا ہے۔

# ایران کی جوہری تنصیبات کا نقصان ہمیں ابھی تک نہیں معلوم ہے: ڈیموکریٹس کا شکوک کا اظہار

### ڈیموکریٹس نے خبردار کیا ہے کہ "ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کارروائی نے بڑا نقصان پہنچایا ہے، لیکن حتمی جائزہ درکار ہے اور اس میں وقت لگ سکتا ہے"

امریکہ میں ڈیموکریٹ سینیٹر مارک وارنر، جو سینیٹ کی انٹیلی جنس کمیٹی کے سینئر رکن ہیں، انھوں نے ایرانی جوہری تنصیبات پر امریکی حملوں کے بارے میں محتاط انداز میں اپنی رائے پیش کی ہے۔ وارنر کا یہ موقف اس خفیہ بریفنگ کے بعد سامنے آیا جو صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کے حکام نے جمعرات کے روز سینیٹ کو دی تھی۔

وارنر نے کہا "یہ واضح ہے کہ ایرانی جوہری پروگرام کو نقصان پہنچا ہے تاہم نقصان کی حتمی سطح کا اندازہ لگانے میں وقت لگے گا"۔ یہ بات امریکی نشریاتی ادارے "سی این این"



نے بتائی۔ وارنر نے مزید کہا "جس بات نے مجھے کچھ تشویش میں ڈالا، وہ یہ ہے کہ جب لوگ جلد بازی میں نتیجہ نکال لیتے ہیں۔ میرا مطلب ہے، صدر نے ہفتے کی رات ہی بغیر کسی مکمل جائزے کے 'مکمل تباہی' کا تبصرہ کر دیا۔ مجھے امید ہے کہ یہی حتمی نتیجہ ثابت ہو، لیکن اگر ایسا نہ ہو، تو کیا یہ امریکی عوام یا پوری دنیا کے لیے جھوٹی تسلی کا باعث بنے گا؟"

دوسری جانب، ڈیموکریٹ سینیٹر اور سینیٹ کی آرمڈ سروسز کمیٹی کی رکن، نیز سابق سی آئی اے تجزیہ کار، الیسا سلوٹکن نے کہا کہ انھوں نے بریفنگ سے یہ اخذ کیا کہ "ابھی یہ جاننا بہت قبل از وقت ہے کہ اس مقام کو کتنے پیمانے پر نقصان پہنچا ہے، اور یہ ایک معمول کی بات ہے۔" تاہم وارنر کی طرح سلوٹکن نے بھی کہا کہ جو کچھ انھوں نے ان حملوں کے متعلق حکام سے سنا، وہ اہم تھا، "خواہ وہ پروگرام کو متاثر کرنے کے لحاظ سے ہو یا ایرانی نظام کی ذہنیت کے اعتبار سے۔"

سلوٹکن نے اس بات پر زور دیا کہ انٹیلی جنس ایجنسیاں اور فوج "غیر جانب دار اور غیر سیاسی" ہونی چاہئیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ فوج حملے کرتی ہے، اس کے بعد انٹیلی جنس ادارے نقصان کا جائزہ لیتے ہیں، "اور یہ سب ایک منصوبہ بندی کے تحت ہوتا ہے، ہے نا؟ تاکہ فوجی رپورٹیں مسخ نہ ہوں"۔ سلوٹکن نے یہ بات "سی این این" کو بتائی۔ ڈیموکریٹ سینیٹر جیف میرکلی، جو سینیٹ کی خارجہ تعلقات کمیٹی کے رکن بھی ہیں، نے بریفنگ کے دوران کہا کہ ابھی بھی کئی جائزے باقی ہیں"، کیونکہ "کوئی بھی واقعی یہ نہیں جانتا کہ نقصان کتنا ہوا ہے، اس لیے کہ اس بارے میں ایسی تفتیش کی کوئی سہولت موجود نہیں جو مکمل معلومات فراہم کر سکے۔" جب ان سے پوچھا گیا کہ امریکہ، اسرائیل اور ایران کو اب آگے کیا اقدامات کرنے چاہئیں، تو میرکلی نے کہا کہ سفارتی عمل ناگزیر ہے تاکہ تعلقات دوبارہ بحال کیے جا سکیں اور کسی معاہدے تک پہنچنے کی راہ ہموار ہو، کیونکہ اب بھی تمام فریق ایک دوسرے پر شک کر رہے ہیں۔

## ایرانی جوہری پروگرام سے متعلق رپورٹنگ ٹرمپ نے صحافیوں کی برطرفی کا مطالبہ کر دیا

نیویارک: امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران پر امریکی حملوں کے اثرات سے متعلق سی




این این" چینل اور "نیویارک ٹائمز" اخبار کی رپورٹوں پر ناراضگی ظاہر کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ان اداروں کے صحافیوں کو برطرف کر دیا جائے۔ ٹرمپ نے اپنی سوشل میڈیا ویب سائٹ "ٹروتھ سوشل" پر لکھا کہ یہ رپورٹر "اپنی بدنیتی کے سبب برے لوگ" ہیں۔ سی این این، نیویارک ٹائمز اور واشنگٹن پوسٹ نے دعویٰ کیا تھا کہ حالیہ امریکی فضائی حملے زیر زمین ایرانی جوہری تنصیبات کو مکمل طور پر تباہ نہیں کر سکے، جس پر ٹرمپ نے ان رپورٹوں کو "جعلی خبریں" قرار دیا اور کہا کہ ایران کا جوہری پروگرام عشروں تک پیچھے چلا گیا ہے۔ دی ٹائمز کے مطابق، ٹرمپ نے اخبار کو قانونی کارروائی کی دھمکی دی اور معافی کا مطالبہ کیا، جسے اخبار نے مسترد کر دیا۔ ٹرمپ اور ان کے معاونین نے سی این این کی رپورٹر نتاشا برٹرانڈ پر بھی شدید تنقید کی، جنہوں نے ابتدائی خفیہ رپورٹ شائع کی تھی۔ امریکی وزارتِ دفاع کے مطابق، اتوار کو تین ایرانی جوہری مقامات پر بمباری کی گئی، جن میں دو پر B-2 طیاروں سے GBU-57 بم گرائے گئے اور ایک پر آبدوز سے توماہاک میزائل داغے گئے۔ وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے کہا کہ صدر ٹرمپ نے ایران کی جوہری صلاحیت کو ختم کرنے کے لیے فیصلہ کن کارروائی کی اور جنگ کو ختم کرنے کی راہ ہموار کی۔ ٹرمپ نے ان حملوں کو "عظیم فوجی کامیابی" قرار دیا اور کہا کہ ایران جوہری مواد کو حملے سے پہلے نہیں نکال سکا، کیونکہ یہ عمل وقت طلب، خطرناک اور مشکل تھا۔ اگرچہ بعض امریکی انٹیلی جنس رپورٹس کے مطابق حملوں سے صرف چند ماہ کی تاخیر ہوئی ہے، لیکن وائٹ ہاؤس نے انھیں جھٹلایا اور حملوں کو "امریکہ کی تاریخ کی کامیاب ترین کارروائیوں میں سے ایک" قرار دیا۔ وزیر دفاع نے یہ بھی کہا کہ حملوں کے نتائج کو کمزور دکھانے کے پیچھے کچھ افراد کے سیاسی مقاصد ہو سکتے ہیں، جب کہ انٹیلی جنس ڈائریکٹر تلسی گیبرڈ اور سی آئی اے چیف جان ریٹکلف نے کہا کہ ایرانی جوہری پروگرام کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ حملے کے بعد اسرائیل نے بھی 13 جون کو ایرانی جوہری سائنس دانوں اور فوجی رہنماؤں کو نشانہ بنانے والی فضائی کارروائیاں کیں، جس کا مقصد ایرانی جوہری پروگرام کا مکمل خاتمہ تھا۔ ٹرمپ نے سفارتی کوششوں کے بعد بالآخر عسکری کارروائی کا فیصلہ کیا، جس میں 125 سے زائد طیارے، بشمول جنگی طیارے، ایندھن فراہم کرنے والے طیارے، اور ایک آبدوز شریک تھی۔

## اسرائیل کی ایک بار پھر جنوبی لبنان پر بمباری، ایک خاتون کی موت اور 20 افراد زخمی

بیروت: لبنان کی وزارت صحت نے کہا ہے کہ اسرائیلی فوج نے لبنان اور اسرائیل کے



درمیان 27 نومبر سے جاری جنگ بندی کے باوجود جنوبی لبنان پر جمعہ کے روز بمباری کی ہے۔ نیشنل نیوز ایجنسی کے مطابق اس بمباری میں پہاڑی علاقے کو بھی نشانہ بنایا گیا ہے اور اس بمباری میں بنکر بسٹر بم استعمال کیے گئے ہیں۔ تاہم یہ واضح نہیں کیا گیا یہ بنکر بسٹر بم اسرائیل نے استعمال کیے ہیں یا اسرائیل کے لیے استعمال کیے گئے ہیں۔ واضح رہے اسی ماہ کی 21 تاریخ کو امریکہ نے اسرائیلی درخواست پر ایرانی جوہری تنصیبات تباہ کرنے کے لیے بنکر بسٹر بم استعمال کیے تھے۔ بمباری کے نتیجے میں ایک لبنانی خاتون جاں بحق جبکہ 20 لبنانی زخمی ہو گئے ہیں۔ علاوہ ازیں اسرائیلی فوج نے بمباری نبطیہ میں واقع رہائشی اپارٹمنٹس پر کی ہے۔ وزارت صحت کے مطابق اسرائیلی بمباری سے اس جگہ ایک خاتون جاں بحق اور گیارہ افراد زخمی ہو گئے ہیں۔ وزارت صحت کی طرف سے یہ جاری کردہ بیان لبنانی خبر رساں ادارے نیشنل نیوز ایجنسی ※ نے رپورٹ کیا ہے۔ دوسری جانب اسرائیلی فوج نے جنگ بندی کے باوجود لبنان پر اپنے ان حملوں کا دعوی کیا ہے کہ اس نے حزب اللہ کے زیر زمین عسکری اثاثوں کو نشانہ بنایا ہے۔ اسرائیلی فوج کا کہنا ہے کہ اس کو معلومات ملی تھیں کہ حزب اللہ اپنی بحالی کی کوشش کر رہی ہے اور اس نے زیر زمین یہ اہتمام شروع کیا ہے۔ اس لیے زیر زمین اہداف کو نشانہ بنایا ہے۔

## اسرائیلی عدالت نے نیتن یاہو کی کرپشن کیسز کا ٹرائل روکنے کی درخواست مسترد کر دی

تل ابیب: اسرائیلی وزیراعظم کو جمعہ کے روز سیاسی طور پر بڑا دھچکہ لگا ہے جب اسرائیل کی اعلی



عدالت نے ان کی اس درخواست کو رد کر دیا ہے۔ نیتن یاہو کی طرف سے یہ درخواست ان کے وکیل نے جمعرات کے روز عدالت کے سامنے پیش کی تھی اور انہیں عدالت کے سامنے غزہ کے ہیرو کے طور پر پیش کرتے ہوئے ان کے لیے رعایت مانگی تھی۔ ان کے وکیل نے اپنے موکل کی طرف سے یہ مطالبہ بھی کیا تھا کہ وزیر اعظم کو اگلے ہفتوں میں اپنی پوری توجہ ملکی سلامتی کے امور پر دینا ہے۔ وہ ابھی ایران کے خلاف بارہ روزہ جنگ سے فارغ ہوئے اور ان کی مزید کئی اہم مصروفیات جاری ہیں۔ اسرائیلی وزیر اعظم کو عدالت سے بڑی امید تھی کہ امریکی صدر ٹرمپ نے بھی عدالت سے مطالبہ کیا ہے کہ وزیر اعظم کے خلاف کرپشن کیسز روک دیے جائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مقدمے کو فوری منسوخ کیا جائے یا اس عظیم ہیرو کو معافی دی جائے۔ ٹرمپ کی طرف سے نیتن یاہو کے لیے یہ سفارش کرنے کو اسرائیلی اپوزیشن رہنما یائر لیپڈ نے اسرائیل کے اندرونی امور میں مداخلت قرار دیتے ہوئے صدر ٹرمپ سے کہا تھا کہ اگر وہ مداخلت نہ کریں تو ہم ان کا شکریہ ادا کریں گے۔ کیونکہ اسرائیل ایک آزاد ملک ہے۔ یروشلم کی ایک اسرائیلی ضلعی عدالت نے درخواست مسترد کرتے ہوئے فیصلے میں لکھا ہے یہ درخواست موجودہ حالات میں اس امر کا جواز نہیں بن سکتی کہ ان کے خلاف عدالتی کارروائی روک دی جائے۔ خیال رہے کرپشن کیسز میں نیتن یاہو کے ساتھ ان کی اہلیہ بھی شریک ملزمہ ہیں۔

## یمن پر کسی بھی اسرائیلی حملے کا تباہ کن جواب دیا جائے گا: انصار اللہ کی تنبیہ

صنعاء: یمنی عوامی تحریک "انصار اللہ" نے خبردار کیا ہے کہ اگر قابض اسرائیل نے یمن کو دوبارہ نشانہ بنانے کی کوشش کی، تو اس کے ردعمل میں ایسا زلزلہ خیز جواب دیا جائے گا جس کی قابض دشمن کو بہت بھاری قیمت چکانا پڑے گی۔ یہ سخت انتباہ انصار اللہ کے سیاسی دفتر کے رکن علی الدیلمی نے جمعرات کے روز جماعت سے وابستہ "المسیرہ" ٹی وی چینل کو دیے گئے ایک انٹرویو میں کیا۔

علی الدیلمی نے کہا کہ "جنگی مجرم بنجمن نیتن یاہو کی طرف سے یمن کے خلاف دی جانے والی حالیہ دھمکیاں محض بے بنیاد اور لغو میڈیا بیانات ہیں، جو اس بات کا ثبوت ہیں کہ قابض صہیونی دشمن یمن کی خطے میں بڑھتی ہوئی مؤثر موجودگی سے شدید خوفزدہ اور بوکھلاہٹ کا شکار ہے، خصوصاً جب بات غزہ میں فلسطینی مزاحمت کی حمایت کی ہو"۔

انہوں نے مزید کہا کہ "بنجمن نیتن یاہو کو اچھی طرح معلوم ہے کہ یمن پر کسی بھی قسم کی صہیونی مہم جوئی کا انجام انتہائی خطرناک ہوگا اور اس کی قیمت اتنی زیادہ ہوگی کہ اسے دہائیوں تک یاد رکھا جائے گا، بالکل اسی طرح جیسے امریکہ کو یمنی حملوں کے بعد بحیرہ احمر اور بحیرہ عرب سے پیچھے ہٹنے پر مجبور ہونا




پڑا"۔ علی الدیلمی کا کہنا تھا کہ "نیتن یاہو جانتا ہے کہ اگر اس نے یمن پر حملے کی جسارت کی تو اس کا خمیازہ بے حد سنگین ہوگا۔ یمن کوئی ایسی کمزور سرزمین نہیں جسے خفیہ آپریشنز یا عسکری چالوں سے زیر کیا جا سکے۔ یہاں کی سکیورٹی ایجنسیاں مکمل طور پر چوکنا ہیں اور عوام و سیاسی قیادت کا مزاحمت کے حق میں غیر متزلزل اتحاد قابض دشمن کی ہر سازش کو ناکام بنائے گا"۔

انہوں نے کہا کہ قابض اسرائیل کی بنیاد ہی خفیہ جنگوں اور خفیہ کارروائیوں پر قائم ہے، لیکن یمنی عوام کی بیداری، مضبوط سماجی ڈھانچے اور مزاحمتی شعور نے ایسی ہر کوشش کو ناکام بنا دیا ہے۔ اگرچہ یمن اقتصادی مشکلات کا شکار ہے مگر دشمن کی نرمی اور نرم قوت کے ذریعے نفوذ کی تمام کوششیں یمنی عوام کے غیرت مند مزاحمتی جذبے کے سامنے دم توڑ چکی ہیں۔ انصار اللہ رہنما کا یہ بیان قابض اسرائیل کے وزیر دفاع یسرائیل کاٹس کے اُس دھمکی آمیز بیان کے بعد سامنے آیا ہے جس میں اس نے کہا تھا کہ ہم صنعاء کے ساتھ وہی سلوک کریں گے جو تہران کے ساتھ کیا، اور میں نے فوج کو حوثیوں کے خلاف منصوبہ تیار کرنے کا حکم دے دیا ہے"۔ اس دھمکی کے جواب میں انصار اللہ نے اپنے مؤقف کا اعادہ کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ جب تک غزہ پر جاری صہیونی جارحیت بند نہیں ہوتی اور اس کا محاصرہ ختم نہیں کیا جاتا، ان کی مزاحمتی کارروائیاں قابض اسرائیل کے خلاف جاری رہیں گی، چاہے امریکہ جنگ بندی کا کتنا ہی اعلان کرے۔ یاد رہے کہ 13 جون کو قابض اسرائیل نے امریکہ کی سرپرستی میں ایران پر حملہ کیا، جو 12 دن تک جاری رہا۔ اس حملے میں ایران کی عسکری، جوہری اور سویلین تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا اور کئی عسکری قائدین اور سائنس دانوں کو قتل کیا گیا۔

ایران نے اس حملے کے جواب میں قابض اسرائیل کی فوجی اور خفیہ تنصیبات پر بیلسٹک میزائلوں اور ڈرونز سے جوابی کارروائی کی۔

اس ایرانی ردعمل سے بھاری نقصان اٹھانے کے بعد امریکہ نے 22 جون کو ایران کی جوہری تنصیبات پر حملہ کیا، جس کے بعد ایران نے قطر میں قائم امریکی اڈے "العدید" پر میزائل داغے۔ بالآخر 24 جون کو امریکہ نے تل ابیب اور تہران کے درمیان جنگ بندی کا اعلان کیا۔ تاہم یمنی انصار اللہ نے اعلان کیا ہے کہ فلسطینیوں پر جاری مظالم اور غزہ کا محاصرہ ختم ہونے تک ان کا جہاد جاری رہے گا۔

# یورپی یونین کا غزہ میں فوری جنگ بندی اور مکمل محاصرہ ختم کرنے کا مطالبہ

برسلز: یورپی کونسل نے جمعرات کے روز برسلز میں ہونے والے اپنے اجلاس کے اختتام پر ایک بار پھر زور دے کر مطالبہ کیا ہے کہ غزہ پر قابض اسرائیل کی مسلط کردہ جنگ کو فوری طور پر روکا جائے اور تمام جنگی قیدیوں کو غیر مشروط طور پر رہا کیا جائے تاکہ دشمنی اور خونریزی کے اس اندوہناک سلسلے کو مستقل طور پر ختم کیا جا سکے۔ کونسل نے غزہ کی صورت حال کو "انسانی المیے" سے تعبیر کرتے ہوئے شدید افسوس کا اظہار کیا۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ غزہ میں نہ صرف انسانی تباہی کی حدوں کو چھو لیا گیا ہے، بلکہ شہریوں کی شہادتوں اور بھوک کی سطح ناقابل قبول حد تک پہنچ چکی ہے۔ یورپی کونسل نے قابض اسرائیل سے مطالبہ کیا کہ وہ غزہ پر مسلط محاصرہ مکمل طور پر ختم کرے، انسانی امداد کو فوری، بلا رکاوٹ اور آزادانہ طریقے سے داخلے کی اجازت دے اور اس امداد کو پورے غزہ میں مؤثر طریقے سے تقسیم کرنے کی ضمانت فراہم کرے۔ کونسل نے اقوام متحدہ، اس کی ذیلی ایجنسیوں اور دیگر انسانی تنظیموں کو آزادی، غیر جانبداری اور مکمل تحفظ کے ساتھ کام کرنے کی ضرورت پر زور دیا، تاکہ جانیں بچائی جا سکیں اور فلسطینیوں کی ناقابلِ بیان تکلیفوں میں کچھ کمی لائی جا سکے۔

یورپی کونسل نے بین الاقوامی قوانین خصوصاً بین الاقوامی انسانی قوانین کے احترام پر قابض اسرائیل کی مکمل پاسداری پر زور دیا۔ اس میں نہ صرف شہریوں کی بلکہ انسانی خدمات فراہم کرنے والے کارکنان، طبی اداروں، سکولوں اور اقوام متحدہ کے دفاتر جیسے شہری ڈھانچوں کی حفاظت بھی شامل ہے۔ اسی تناظر میں، یورپی کونسل نے قابض اسرائیل کے یورپی یونین کے ساتھ شراکت داری معاہدے کی شق نمبر دو پر عمل درآمد سے متعلق رپورٹ کا بھی حوالہ دیا، اور اس معاملے پر آئندہ ماہ جولائی میں میدانِ عمل کی تازہ صورتحال کے تناظر میں بات چیت جاری رکھنے کا عندیہ دیا۔

یورپی کونسل نے مغربی کنارے، بشمول مقبوضہ مشرقی بیت المقدس میں قابض اسرائیل کے عسکری حملوں، غیر قانونی بستیوں کی توسیع اور صہیونی آبادکاروں کے بڑھتے ہوئے پرتشدد حملوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی۔ کونسل نے زور دیا کہ شدت پسند صہیونی آبادکاروں، ان کی حمایت کرنے والی تنظیموں اور اداروں کے خلاف مزید سخت پابندیوں کا اطلاق کیا جائے، اور ساتھ ہی حماس کی سرگرمیوں کو محدود کرنے کے لیے اقدامات جاری رکھے جائیں۔ واضح رہے کہ قابض اسرائیل نے امریکہ کی مکمل سرپرستی میں 7 اکتوبر سنہ 2023ء سے غزہ پر جو جنگی درندگی مسلط کر رکھی ہے، وہ ایک منظم نسل کشی میں تبدیل ہو چکی ہے۔ اس نسل کشی میں نہ صرف قتل عام، تباہی اور جبری ہجرت شامل ہے، بلکہ فلسطینیوں کو دانستہ طور پر بھوکا رکھ کر موت کے گھاٹ اتارا جا رہا ہے۔ قابض



اسرائیل اقوامِ متحدہ، عالمی عدالتِ انصاف اور دیگر عالمی اداروں کی تمام اپیلوں اور احکامات کو نظر انداز کر رہا ہے۔ غزہ میں جاری اس نسل کشی نے اب تک تقریباً ایک لاکھ اٹھاسی ہزار فلسطینیوں کو شہید یا زخمی کیا ہے، جن میں اکثریت معصوم بچوں اور خواتین کی ہے۔ گیارہ ہزار سے زائد افراد تاحال لاپتہ ہیں، جب کہ لاکھوں فلسطینی بے گھر ہو چکے ہیں۔ قحط کی شدت سے سیکڑوں افراد، خاص طور پر بچے موت کا شکار ہو چکے ہیں۔ ساتھ ہی غزہ کے ہر گوشے میں تباہی کے آثار موجود ہیں۔

روزنامہ حقیقت ٹائمس مظفر پور
Urdu Daily Muzaffarpr
HAKIKAT TIMES
उर्दू दैनिक, मुजफ्फरपुर
हकीकत टाइम्स

## ناراض شانتو نے بنگلہ دیش کی ٹیسٹ کپتانی چھوڑ دی



کولمبو، 28 جون (یو این آئی) بنگلہ دیش کرکٹ ٹیم کے کپتان نجمل شانتو نے ہفتہ کو سری لنکا کے خلاف دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز ہارنے کے بعد کپتانی سے استعفیٰ دے دیا۔ شانتو ،مہدی حسن کو ون ڈے ٹیم کا کپتان بنائے جانے سے ناراض چل رہے تھے۔ یہاں ایک پریس کانفرنس میں شانتو نے اپنے استعفیٰ کا اعلان کیا۔ سری لنکا کے خلاف کولمبو ٹیسٹ میں اننگز اور 78 رنز سے ہارنے کے بعد شانتو نے کہا،" میں اب ٹیسٹ کی کپتانی جاری نہیں رکھوں گا۔" انہوں نے کہا،" یہ میرا کوئی ذاتی معاملہ نہیں ہے۔ ٹیم کی بہتری کے لیے میں نے یہ فیصلہ کیا ہے، مجھے لگتا ہے کہ میرا یہ فیصلہ ٹیم کے مفاد میں ہوگا۔ پچھلے کئی سالوں سے میں اس ڈریسنگ روم کا حصہ ہوں اور میں سمجھتا ہوں کہ تین بین الاقوامی فارمیٹس میں الگ الگ کپتانوں کا ہونا ٹیم کے مفاد میں نہیں ہے۔ مجھے نہیں معلوم کہ بورڈ اس بارے میں کیا سوچتا ہے، لیکن میں ان کے فیصلے کا احترام کروں گا۔ یہ میرا ذاتی فیصلہ ہے، مجھے لگتا ہے کہ تین الگ الگ کپتان ٹیم کے لیے صحیح نہیں ہیں۔ میں چاہوں گا کہ اس فیصلے کو کوئی جذباتی طور پر نہ لیں، یا یہ نہ سوچے کہ میں نے مایوسی کی وجہ سے یہ کیا۔ میں ایک بار پھر واضح کرنا چاہتا ہوں کہ یہ میں نے ٹیم کی بھلائی کے لیے کیا ہے۔" شانتو نے بنگلہ دیش کے 14 ٹیسٹ میچوں میں کپتانی کی ہے، جن میں سے انہیں نو ٹیسٹ میں شکست ہوئی جبکہ چار ٹیسٹ میچوں میں جیت حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ چند دن پہلے ہی بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ (بی سی بی) کے کرکٹ آپریشنز ڈیپارٹمنٹ نے بتایا تھا کہ ان سے ون ڈے کی کپتانی لے کر مہدی حسن کو یہ ذمہ داری سونپی گئی ہے۔

## ہندوستانی خواتین ٹیم نے انگلینڈ کو 97 رن سے شکست دے دی



ناٹنگھم، 28 جون (یو این آئی) کپتان اسمرتی مندھانا (112) اور ہرلین دیول (43) کی شاندار بلے بازی کے بعد ہندوستانی خاتون ٹیم نے شری چرنی (چار وکٹ)، دیپتی شرما اور رادھا یادو (دو دو وکٹ) کی شاندار گیند بازی کی بدولت ہفتہ کو پہلے ٹی 20 میچ میں انگلینڈ کو 97 رن سے شکست دے دی۔ اس جیت کے ساتھ ہی ہندوستان نے پانچ میچوں کی سیریز میں 1-0 کی سبقت حاصل کرلی ہے۔

211 رن کے ہدف کے تعاقب میں انگلینڈ کی شروعات بہت خراب رہی اور اس نے صرف نو رن پر دو وکٹ گنوا دیں۔ اس کے بعد بیٹنگ کے لیے آئی نیٹ سائیبر برنٹ نے اننگز کو سنبھالنے کی کوشش کی۔ انہوں نے ٹیمی بیومونٹ کے ساتھ 49 رن کی شراکت داری کی۔ ساتویں اوور میں دیپتی شرما نے بیومونٹ (10) کو بولڈ کر کے انگلینڈ کو تیسرا جھٹکا دیا۔ اس کے بعد ہندوستانی بولنگ اٹیک کے سامنے انگلینڈ کی وکٹیں وقفے وقفے سے گرتی رہیں۔ انگلینڈ ٹیم کی کپتان نیٹ سائیبر برنٹ نے 42 گیندوں پر 10 چوکوں کی مدد سے (66) رن کی اننگز کھیلی۔ انہیں شری چرنی نے آوٹ کیا۔ انگلینڈ کی ٹیم کے آٹھ بلے باز ڈبل فیگر میں بھی نہ پہنچ سکے۔ ہندوستانی گیند بازوں نے انگلینڈ کی پوری ٹیم کو 14.5 اووروں میں 113 رن پر سمیٹ دی اور میچ 97 رن سے جیت لیا۔ ہندوستان کے لئے شری چرنی نے 3.5 اوور میں 12 رن دے کر چار وکٹ حاصل کئے۔ دیپتی شرما اور رادھا یادو نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔ امجوت کور اور اروندھتی ریڈی نے ایک ایک بلے باز کو آوٹ کیا۔

اس سے قبل آج انگلینڈ کی خواتین ٹیم نے ٹاس جیت کر ہندستان کو پہلے بیٹنگ کی دعوت دی۔ بلے بازی کے لیے اتری شیفالی ورما اور کپتان اسمرتی مندھانا کی اوپننگ جوڑی نے اچھی شروعات کی اور پہلی وکٹ کے لیے 77 رن جوڑے۔ نویں اوور میں ایملی آرلوٹ نے شیفالی ورما (20) کو آوٹ کر کے انگلینڈ کو پہلی کامیابی دلائی۔ اس کے بعد بلے بازی کے لیے آئی ہرلین دیول نے مندھانا کا خوب ساتھ دیا۔ دونوں بلے بازوں نے شاندار بلے بازی کا مظاہرہ کیا اور دوسری وکٹ کے لیے 94 رن کی شراکت داری کی۔ 16 ویں اوور کی آخری گیند پر لارین بیل نے ہارلین دیول کو آوٹ کر کے انگلینڈ کو دوسری وکٹ دلائی۔ ہرلین دیول نے 23 گیندوں میں 7 چوکوں کی مدد سے (43) رن بنائے۔ ریچا گھوش (تین) اور جمائمہ روڈریگز (صفر) لارین بیل کا شکار بنیں۔ ہندستان کی پانچویں وکٹ 20 ویں اوور میں اسمرتی مندھانا کی صورت میں گری۔ مندھانا نے 62 گیندوں میں 15 چوکوں اور 3 چھکوں کی مدد سے (112) رن بنائے۔ ہندوستانی خواتین ٹیم نے مقررہ 20 اووروں میں 5 وکٹ پر 210 رن بنائے۔ انگلینڈ کی جانب سے لارین بیل نے تین وکٹیں حاصل کیں۔ سوفی ایکلسٹون اور ایملی آرلوٹ نے ایک ایک بلے باز کو آوٹ کیا۔

## ادیت کو کھیلوں میں شاندار کارکردگی کا سرٹیفکیٹ ملا

گاندھی نگر، 28 جون (یو این آئی) انڈین انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی گاندھی نگر (آئی آئی ٹی گاندھی نگر) کے 14 ویں کانووکیشن میں ادیت اٹل رامبھیا کو ادارے کے دو اعلیٰ ترین اعزازات ڈائریکٹر گولڈ میڈل اور کھیلوں میں نمایاں کارکردگی پر توصیفی سند سے سرفراز کیا گیا۔ آئی آئی ٹی گاندھی نگر کی جانب سے ہفتے کے روز جاری بیان میں اپنے تعلیمی سفر کو یاد کرتے ہوئے مسٹر ادیت نے کہا: ٹشوز کی دوبارہ نشوونما کے لیے بایومیٹیریلز جیسے کورس اور ڈاکٹر شریہیریتا رتھو و ڈاکٹر ابھجیت مشرا جیسے پروفیسروں کے ساتھ تحقیق نے میرے نظریے کو مکمل طور پر بدل دیا۔ مجھے یہ احساس ہوا کہ مواد (میٹیریلز)، صحت کی دیکھ بھال، زخموں کے بھرنے اور پانی کی صفائی کے ذریعے ہماری حقیقی زندگی کو کس طرح متاثر کرتے ہیں۔" آئی آئی ٹی گاندھی نگر کی جانب سے ہفتہ کو جاری کردہ بیان میں اپنے تعلیمی سفر کو یاد کرتے ہوئے مسٹر ادیت نے کہا،" بایومیٹیریلز فور ٹشو ریجنریشن جیسے کورسز اور ڈاکٹر شری ہریتا رتھو اور ڈاکٹر ابھجیت مشرا جیسے پروفیسرز کے ساتھ تحقیق نے میرے نظریہ کو مکمل طور پر بدل دیا۔ مجھے یہ سمجھ آیا کہ مادہ، حفظان صحت، زخموں کی شفا اور پانی کی صفائی وغیرہ ہماری حقیقی زندگی کو کس طرح متاثر کرتے ہیں۔" ادیت کی تعلیم صرف ہندوستان تک محدود نہیں رہی۔ امریکہ کے ٹیکساس اے اینڈ ایم یونیورسٹی میں اہم تحقیقی انٹرن شپ کے دوران انہیں سافٹ روبوٹکس اور میڈیکل ڈیوائسز کے میدان میں جدید ترین کام دیکھنے کا موقع ملا۔ اس تجربے نے عالمی سطح پر ڈیزائن اور مینوفیکچرنگ کے عمل کو سمجھنے میں ان کی بصیرت کو اور وسیع کیا، اور بایومیڈیکل انجینئرنگ میں ماسٹرز کرنے کے ان کے فیصلے کو مزید مضبوط بنایا۔ وہ جلد ہی کارنیگی میلون یونیورسٹی، پٹسبرگ میں اپنا تعلیمی سفر جاری رکھنے کا منصوبہ بنا رہے ہیں۔ ادیت کی کہانی ان کے گہرے عزم کے ساتھ ساتھ تعلیمی سرگرمیاں، کھیلوں اور طلبہ کی قیادت کے درمیان توازن قائم کرنے کی ان کی صلاحیت کے لیے قابل ذکر ہے۔ ایک مقابلہ جاتی تیراک کے طور پر انہوں نے کئی انٹر آئی آئی ٹی ایکواٹکس میٹس میں آئی آئی ٹی گاندھی نگر کی نمائندگی کی اور قومی سطح پر تمغے حاصل کیے۔ وہ کہتے ہیں،" آئی آئی ٹی گاندھی نگر کمیونٹی کا تعاون انمول تھا۔

## بوش، پریٹوریئس کی سنچریوں کی بدولت جنوبی افریقہ کی پوزیشن مضبوط



بلاوایو (زمبابوے) 28 جون (یو این آئی) لوآن ڈرے پریٹوریس (153) اور کوربن بوش (ناٹ آوٹ 100) کی سنچریوں کی بدولت جنوبی افریقہ نے پہلے ٹیسٹ میچ کے پہلے دن اسٹمپ تک نو وکٹ پر 418 رن بنا کر اپنی پوزیشن مضبوط کر لی۔ آج یہاں ٹاس جیتنے کے بعد جنوبی افریقہ نے پہلے بلے بازی کا فیصلہ کیا۔ بیٹنگ کے لیے اتری جنوبی افریقہ کی شروعات خراب رہی اور اس نے اپنی پہلی وکٹ تین رن کے اسکور پر گنوا دی۔ چھٹے اوور میں تناکا شیونگا نے ٹونی ڈی جارجی (صفر) کی وکٹ حاصل کی۔ اس کے بعد میتھیو بریٹزکے (13) بھی شیونگا کا شکار بنے۔ ڈیوڈ بیڈنگھم (صفر) کو بھی شیونگا نے آوٹ کیا۔ ویان مولڈر (17) کو مزارابانی نے رن آوٹ کیا۔ 55 رن پر چار وکٹیں گنوانے کے بعد لووان ڈرے پریٹوریس اور ڈیوالڈ بریوس نے جنوبی افریقہ کی کمان سنبھالی۔ کھانے کے وقت تک دونوں بلے بازوں نے پانچویں وکٹ کے لیے 35 رنز کی شراکت قائم کر لی تھی۔ کھانے کے وقت تک جنوبی افریقہ نے چار وکٹوں پر 90 رن بنا لیے تھے۔ ڈیوالڈ بریوس نے 41 گیندوں پر (51) رن کی اننگز کھیلی۔ وہ پانچویں وکٹ کے طور پر آوٹ ہوئے۔ اس کے بعد ویلنگٹن نے کائل ویرین (10) کو آوٹ کیا۔ لووان ڈرے پریٹوریس (153) جنہوں نے بحران کے وقت اننگز کی ذمہ داری سنبھالی تھی، نے جدوجہد بھری اننگز کھیلی۔ انہوں نے اپنی اننگز میں 160 گیندوں کا سامنا کیا اور 11 چوکے اور چار چھکے لگائے۔ وہ ساتویں وکٹ کے طور پر آوٹ ہوئے۔ کپتان کیشو مہاراج (21) اور کوڈی یوسف (27) رن بنا کر آوٹ ہوئے۔ دن کا کھیل ختم ہونے پر جنوبی افریقہ نے 90 اووروں میں نو وکٹ پر 418 رن بنا لئے تھے۔

## نیرج چوپڑا نیزہ پھینکنے کی رینکنگ میں پھر سرفہرست

لوزان، (سوئزرلینڈ) 28 جون (یو این آئی) ہندوستانی ایتھلیٹ نیرج چوپڑا ایک بار پھر سے نیزہ پھینکنے کی رینکنگ میں سرفہرست پہنچ گئے ہیں۔ ورلڈ ایتھلیٹکس کی جانب سے جاری کردہ تازہ ترین رینکنگ میں نیرج ایک بار پھر دنیا کے نمبر ون نیزہ پھینکنے والے کھلاڑی بن گئے ہیں۔ ستمبر 2024 میں گرینیڈا کے اینڈرسن پیٹرس نے نیرج کو پیچھے چھوڑ کر پہلی پوزیشن حاصل کر لی تھی۔ اس ہفتے کے شروع میں جاری رینکنگ میں نیرج کے پاس اینڈرسن پیٹرس کے 1431 کے مقابلے میں 1445 رینکنگ پوائنٹس ہیں۔ جرمنی کے جولین ویبر رینکنگ میں تیسرے نمبر پر ہیں، جبکہ پیرس اولمپک گولڈ میڈلسٹ پاکستان کے ارشد ندیم 1370 پوائنٹس کے ساتھ چوتھے نمبر پر ہیں اور چیک ریپبلک کے جیکب وڈلیج ٹاپ فائیو کی فہرست میں شامل ہیں۔

## بھوپیندر پٹیل نے قومی سینئر خواتین ہینڈ بال چیمپئن شپ کا افتتاح کیا



گاندھی نگر، 28 جون (یو این آئی) گجرات کے وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل نے ہفتہ کو کچھ ضلع کے بھوج شہر میں بھوج کچھی لیوا پٹیل سماج کے سردار پٹیل ودیا سنکل میں منعقدہ 54 ویں قومی سینئر خواتین ہینڈ بال چیمپئن شپ کا مشعل روشن کر کے اور ٹاس اچھال کر افتتاح کیا۔ مسٹر پٹیل نے خواتین شرکاء کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ گجرات میں ترقی یافتہ اعلیٰ سطحی کھیلوں کی ثقافت وزیر اعظم نریندر مودی کے وژن کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں کو بھی ترجیح دی ہے، جس کی وجہ سے آج پورے ملک میں 'کھیلو انڈیا' کے ذریعے کھیلوں کی صلاحیتیں چمک رہی ہیں۔ 54 ویں قومی سینئر خواتین ہینڈ بال چیمپئن شپ 2025 کا انعقاد اس کا ایک بہترین مثال ہے۔ چیمپئن شپ کے افتتاحی تقریب میں وزیر اعلیٰ نے کچھی نئے سال کی مبارکباد دینے کے ساتھ ساتھ کچھی نئے سال کے مقدس موقع پر کچھ میں 109 کروڑ روپے سے زائد کے ترقیاتی کاموں کی سوغات دینے، 108 بچوں کا اسکول میں داخلہ کرانے اور ہینڈ بال چیمپئن شپ کے افتتاح کا موقع ملنے پر خوشی کا اظہار کیا۔

انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم کے 'کھیلے وہ کھلے' کے منتر کے ساتھ 2010 میں شروع ہونے والے کھیل مہاکمبھ کے ذریعے دور دراز کے گاؤوں سے لے کر شہروں کے کھلاڑیوں کے ہنر کو سامنے آنے کا موقع ملا ہے۔ اس چیمپئن شپ میں حصہ لے رہی تمام کھلاڑیوں کو بہترین کارکردگی کی مبارکباد دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ امباجی دھام میں منعقدہ آدی شکتی قومی خواتین تیر اندازی مقابلے کے بعد اب ماں آشاپورا کی دھرتی کچھ میں منعقدہ یہ قومی سینئر خواتین ٹورنامنٹ ملک کی مختلف ریاستوں کی ناری شکتی کے لیے اپنی کھیل کی مہارت دکھانے کا پلیٹ فارم بنے گا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کل 30 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی ٹیموں کی 540 خواتین شریک کھلاڑیوں کے ساتھ اس چیمپئن شپ سے 'ایک بھارت، شریشٹھ بھارت' کے تصور کو عملی جامہ پہنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مسٹر مودی کے خدمت کے عہد کے 11 سال میں ملک کی کھیلوں کی ثقافت میں تبدیلی کی وجہ سے یہ وقت نوجوانوں اور کھلاڑیوں کے لیے سنہری دور بن گیا ہے۔ ملک میں ایتھلیٹوں کے لیے فراہم کردہ عالمی معیار کی تربیت، کنڈیشنگ اور بہترین انفراسٹرکچر کی وجہ سے ملک کی کھیلوں کی صلاحیتوں کو ایک بڑا پلیٹ فارم ملا ہے، ساتھ ہی ملک کو اچھے ایتھلیٹ بھی ملے ہیں۔ اس کی وجہ سے ہندوستانی کھلاڑی بین الاقوامی مقابلوں میں ملک کا سر فخر سے بلند کر رہے ہیں۔

SOILTECH CONSULTANTS (I) PVT. LTD.
NABL
ISO 9001:2015 CERTIFIED

National Accreditation Board for Testing and Calibration Laboratories
NABL

CERTIFICATE OF ACCREDITATION

SOILTECH CONSULTANTS INDIA PRIVATE LIMITED

has been assessed and accredited in accordance with the standard

ISO/IEC 17025:2017

''General Requirements for the Competence of Testing & Calibration Laboratories''

for its facilities at

KAUSAR VILLA, KHAN MIRZA LANE, P.S. SULTANGANJ, P. O. MAHENDRU, PATNA, BIHAR, INDIA

in the field of

TESTING


Certificate Number: TC-9200
Issue Date: 06/01/2021 Valid Until: 05/01/2023

This certificate remains valid for the Scope of Accreditation as specified in the annexure subject to continued satisfactory compliance to the above standard & the relevant requirements of NABL.
(To see the scope of accreditation of this laboratory, you may also visit NABL website www.nabl-india.org)

Name of Legal Identity : SOILTECH CONSULTANTS INDIA PRIVATE LIMITED

Signed for and on behalf of NABL

N. Venkateswaran
Chief Executive Officer


SPT


TOPOGRAPHICAL SURVEY


SLUMP CONE TEST


PILE LOAD TEST


CTM MACHINE

**Consult for** Building Material Test, Geotechnical Investigation, Topographical Survey, Plate & Pile Load Test, Other Civil Engineering Test and DPR etc.

**Our Reputed Clients are :**
- Building Construction Department (Bihar)
- Bihar State Building Construction Corporation Ltd.
- Eastern Railway
- Godrej & Boyce Mfg. Co. Ltd.
- Saa Vishnu Baker's (P) Ltd.
- L&T Limited
- Suguna Foods Pvt. Ltd.
- Japfa Comfeed India Pvt. Ltd.
- SMS Limited
- Samarth Engineers
- Shiva Consultancy Services (P) Ltd.
- Dipanshu Promoter & Builder Pvt. Ltd.
- Kalsi Buildcon Pvt. Ltd.


Er. KASHIF AHMAD
(Managing Director)

Contact No. : **+91 9931688703,** 0612 - 2379795
e-mail : **soiltech.patna@gmail.com**

**NOTE : THERE IS NO OTHER BRANCH IN PATNA.**

Address : Kausar Villa, Khan Mirza Lane, Sultanganj, Patna-800006, Bihar.




DOCTOR
**Dr. Bikas Sourabh**
MBBS ( Hons & Gold Medalist ) M.D. (Medicine)
DMRD (Patna) MRCP (England) MRCP (Ireland)
Visit By Prior Appointment on
Given Phone Numbers
Phone No. 8507837914 / 7481971222

मरीज देखने का समय :
सोमवार से शनिवार : सवेरे 8 से 9 बजे तक एवं शाम 6 से 8 बजे तक
अप्वायंटमेंट लेने का समय एवं फोन :
सोमवार से शनिवार : सवेरे 8 बजे से रात 8 बजे तक
फोन : 8507837914, 7481971222
0A/67 सचिवालय कॉलोनी
कंकड़बाग, पटना-800020
( डॉ० अल्का पांडे क्लिनिक/सरल डायग्नास्टिक के दक्षिण विद्यापुरी पार्क के सटे वाला मकान )

OA-67, Sachiwalya Colony
Kankerbagh,Patna 800 020

**Sparkling Smile Dental Care**
स्पारक्लिंग स्माईल डेन्टल केयर
दांत की बिमारी के सम्पूर्ण समाधान के लिए हमें सेवा का मौका दें।
Complete Solutions for your all Dental Problems
Avail 10% Discount on All Treatments
40 Minutes RCT
Braces
Cosmetic Dentistry
Zirconia
Digital Dentistry etc.
Dr. Ali Ashraf
BDS MBA
Consultant Dentist
CLINIC TIME
9 AM TO 1 PM
5 PM TO 8 PM
F-49, P.C Colony, Kankarbagh, Patna-20
Contact- 7004525593, 7903612134

Owner Syed Naiyar Ali Warsi Publisher Syed Naiyar Ali Warsi Printer DB Corp- Ltd- Near Bansh Hospital Darbhanga Road Patiyasha Muzaffarpur Pin 843103
Published From Manzarul Hasan Mohallah Milkitola Sadpura PO Ramna H-No-987 Distt Muzaffarpur Bihar 842002-Editor Syed Naiyar Ali Warsi